★★★ پاک سرزمین کا نظام..... قوت اخوت عوام ★★★

ABC CERTIFIED

DAILY QUWAT LAHORE

روزنامہ قوت لاہور

چیف ایڈیٹر
میاں محمد فیاض

ایڈیٹر
امداد اللہ قریشی

Www.dailyquwat.com Email:dailyquwat786@gmail.com

جلد نمبر 15 | منگل 16 شوال 1446ھ، 15 اپریل 2025ء 31 چیت 2081پ (صفحات 8 قیمت 15 روپے) | شمارہ نمبر 162

بارود فلسطینیوں کی آواز دبا نہیں سکتی، پاکستان نے ہمیشہ مسئلہ فلسطین کو اجاگر کیا، وفاقی وزیر قانون

اسرائیل نے فلسطین پر جنگ مسلط کر کے جدید تاریخ میں ظلم وستم کی نئی تاریخ رقم کی ہے، اسرائیل اب تک بچوں اور خواتین سمیت 65 ہزار فلسطینیوں کو شہید کر چکا ہے: قومی اسمبلی کے اجلاس میں خطاب

اسرائیل امدادی سرگرمیوں کی راہ میں بھی رکاوٹ بن گیا ہے اور اسرائیلی حملوں سے اسپتال، ایمبولینسیں، امدادی اداروں کے رضا کار، پناہ گاہیں تک محفوظ نہیں، وزیر قانون اعظم نذیر تارڑ

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر قانون اعظم نذیر تارڑ نے کہا ہے کہ غزہ میں اسرائیل فلسطینیوں کی نسل کشی کر رہا ہے، پاکستان نے ہمیشہ مظلوم فلسطینی بہن بھائیوں کیلئے آواز اٹھائی ہے اور پاکستان اور اس کے عوام آج بھی ان کے ساتھ کھڑے ہیں۔ قومی اسمبلی کے اجلاس میں اظہار خیال کرتے ہوئے وفاقی وزیر قانون اعظم نذیر تارڑ نے کہا کہ اسرائیل نے فلسطین پر جنگ مسلط کر کے جدید تاریخ میں ظلم وستم کی نئی تاریخ رقم کی ہے۔ انہوں نے کہا کہ اسرائیل اب تک بچوں اور خواتین سمیت 65 ہزار فلسطینیوں کو شہید کر چکا ہے جبکہ ڈیڑھ لاکھ فلسطینی زخمی ہوئے ہیں اور 15 ہزار کے قریب وہ لوگ ہیں جن کی بدترین اسرائیلی بمباری کی وجہ سے باقیات تک نہیں ملیں۔ وفاقی وزیر قانون نے کہا کہ اسرائیل فلسطینیوں کی نسل کشی کر رہا ہے اور (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 1)

بیساکھی کا تہوار جفاکش کسان کی محنت کا ثمر ہے، مریم نواز

کرتار پور میں بیساکھی کے تہوار میں گندم کی کٹائی سے ہونے والی خوشی آج تک نہیں بھول سکی

لاہور (این این آئی) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے بیساکھی پر خصوصی پیغام میں کہا ہے کہ بیساکھی پنجاب کا خوبصورت زرعی ثقافتی تہوار ہے۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے کہا کہ گندم کے سنہری خوشے بیساکھی کی خوشی کا پیغام لاتے ہیں، بیساکھی کا تہوار جفاکش کسان کی محنت کا ثمر ہے، مجھے خوشی ہے کہ آج دنیا بھر میں سکھ برادری بیساکھی کا تہوار منا رہی ہے۔ مریم نواز نے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 2)

جنگلات اراضی کیس، سپریم کورٹ نے تمام صوبوں، وفاقی حکومت سے تفصیلی رپورٹ طلب کر لی

اسلام آباد (این این آئی) سپریم کورٹ نے جنگلات اراضی کیس میں تمام صوبوں اور وفاقی حکومت سے تفصیلی رپورٹس طلب (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 7)

امریکی ٹیرف پر پریشان، جواب کا ارادہ نہیں، وزیر خزانہ

سوچنا ہوگا نیو ورلڈ آرڈر کیساتھ کیسے آگے بڑھیں، محمد اورنگزیب کا انٹرویو

اسلام آباد (این این آئی) وزیر خزانہ سینیٹر محمد اورنگزیب نے کہا ہے کہ پاکستان امریکا میں ٹرمپ انتظامیہ کی جانب سے عائد کردہ ٹیرف پر کسی بھی قسم کا جواب دینے کا ارادہ نہیں رکھتا۔ ایک انٹرویو میں وزیر خزانہ نے کہا کہ وہ نئی امریکی انتظامیہ کی جانب سے عائد ٹیرف پر پریشان (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 8)

خط ملتے ہی انسداد دہشتگردی عدالتیں فوجی عدالتوں میں تبدیل ہو گئیں، فواد چوہدری کا شکوہ

پیر کو سپریم کورٹ میں 9 مئی مقدمات کی سماعت کے دوران فواد چوہدری عدالت میں پیش ہوئے اور موقف اختیار کیا کہ میرے مقدمات آپ کی ہدایت کے باوجود مقرر نہیں ہو رہے

عدالتی حکم جاری ہی نہیں ہوا تو خط کیسے پہنچ سکتا ہے؟ اگر کوئی خط جاری کیا گیا ہے تو اسے واپس لیا جائے گا، جسٹس یحییٰ آفریدی کے ریمارکس

اسلام آباد (این این آئی) سابق وفاقی وزیر فواد چوہدری نے چیف جسٹس سے شکایت کی ہے کہ 4 ماہ میں ٹرائل مکمل کرنے کا خط ملتے ہی انسداد دہشت گردی عدالتیں فوجی عدالتوں میں تبدیل ہو گئی ہیں، چیف جسٹس یحییٰ آفریدی نے ریمارکس دیئے کہ عدالتی حکم جاری کیا گیا ہے تو اسے واپس لیا جائے گا۔ پیر کو سپریم کورٹ میں 9 مئی (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 10)

وقت آگیا ہے دہشتگردی کے خلاف منظم حکمت عملی تیار کی جائے، وفاقی وزیر داخلہ

محسن نقوی سے برطانوی رکن پارلیمنٹ محمد افضل خان کی ملاقات، پاک برطانیہ تعلقات کے فروغ اور پاکستانی کمیونٹی کے مسائل حل پر گفتگو ہوئی

دہشتگردی کے چیلنج کا کئی ممالک کو سامنا ہے، انسداد دہشتگردی کیلئے پاکستانی اداروں کی استعداد کار بڑھانے اور ٹریننگ کیلئے برطانوی تعاون کا خیر مقدم کریں گے

لاہور (این این آئی) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے کہا ہے کہ دہشتگردی کے چیلنج کا کئی ممالک کو سامنا ہے، وقت آگیا ہے کہ دہشتگردی کے خلاف کثیر الجہتی بین الاقوامی حکمت عملی تیار کی جائے اور بلا تاخیر عمل کیا جائے۔ پیر کو وزیر داخلہ محسن نقوی سے برطانوی رکن پارلیمنٹ محمد افضل خان نے ملاقات کی جس میں پاک برطانیہ تعلقات کے فروغ اور برطانیہ میں پاکستانی کمیونٹی کے مسائل کے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 9)



لاہور، وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی سے برطانوی رکن پارلیمنٹ محمد افضل خان ملاقات کر رہے ہیں

پاکستان کی تاریخ سب سے زیادہ ترسیلاتِ زر کا ریکارڈ توڑ دیا

ایک ماہ میں 4 ارب ڈالر سے زائد موصول، ملکی تاریخ میں پہلی بار رواں مالی سال کے 9 ماہ میں ترسیلات زر 28 ارب ڈالر کی سطح عبور کر گئی، مجھ سمیت پوری قوم کو اپنے محنت کش سمندر پار پاکستانیوں پر فخر ہے

حکومت پاکستان بیرون ملک مقیم پاکستانیوں کو تمام تر سہولیات فراہم کرنے کے لیے پرعزم ہے، وزیراعظم کا ایک ماہ میں ترسیلاتِ زر کا حجم 4.1 بلین ڈالر کی تاریخی سطح پر پہنچنے پر سمندر پار پاکستانیوں سے اظہار تشکر

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان کی ترسیلات زر نے سابق تمام ریکارڈ توڑ ڈالے، ملکی تاریخ میں پہلی بار رواں مالی سال کے 9 ماہ میں ترسیلات زر 28 ارب ڈالر کی سطح عبور کر گئی۔ اسٹیٹ بینک کے مطابق مارچ 25 میں ترسیلات زر کی آمد پہلی بار 4 ارب 10 کروڑ ڈالر کی سطح کو چھو گئی، (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 3)

وزیراعظم کی سکھ برادری کو بیساکھی کی مبارکباد، اظہار تہنیت بھی کیا

یہ دن ہماری برادریوں کو متحد کرتا ہے اور ہماری قوم کی تشکیل کرتا ہے، شہباز شریف کا بیان

اسلام آباد (این این آئی) وزیر اعظم شہباز شریف نے پاکستان اور دنیا بھر میں سکھ برادری کو بیساکھی کے موقع پر مبارکباد دیتے ہوئے سکھ برادری سے اظہار تہنیت کیا ہے۔ جاری کئے گئے بیان میں وزیراعظم نے کہا کہ یہ کسانوں کیلئے بڑی خوشی کا وقت ہے جب وہ اپنی محنت (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 5)

آئین کے آرٹیکل 54 ون کے تحت سینیٹ کا اجلاس (آج) طلب

اسلام آباد (این این آئی) صدر مملکت نے سینیٹ کا اجلاس (آج) منگل کو طلب کر لیا۔ ذرائع کے مطابق صدر مملکت (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 6)



کراچی: وفاقی وزیر احسن اقبال سینیٹر تاج حیدر مرحوم کے گھر پر فاتحہ خوانی کر رہے ہیں

بیساکھی پاکستان کی خوبصورتی اس کی ثقافتی اور مذہبی تنوع کی علامت ہے

سکھ برادری وطن عزیز کی ترقی و خوشحالی میں نمایاں کردار ادا کر رہی ہے، صدر مملکت

اسلام آباد (این این آئی) صدر آصف علی زرداری نے کہا ہے کہ سکھ برادری وطن عزیز کی ترقی و خوشحالی میں نمایاں کردار ادا کر رہی ہے، پاکستان کا آئین اقلیتوں کو مکمل مذہبی آزادی، مساوی حقوق اور تحفظ فراہم کرتا ہے۔ صدر مملکت نے بیساکھی کے تہوار کے موقع پر اپنے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 11)

نومئی واقعات سے متعلق کیسز کا ٹرائل چار ماہ میں مکمل کرنے کی ہدایت

تمام ملزمان کے قانونی حقوق، فرد جرم اور متعلقہ دستاویزات کی فراہمی یقینی بنائیں گے، عدالت

اسلام آباد (این این آئی) سپریم کورٹ نے نومئی واقعات سے متعلق کیسز کا ٹرائل چار ماہ میں مکمل کرنے کی ہدایت کر دی جبکہ عدالت نے کہا ہے کہ تمام ملزمان کے قانونی حقوق، (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 13)

پاکستان سولر پینلز درآمد کرنیوالا دنیا کا سب سے بڑا ملک بن گیا

پاکستان نے صرف 2024 میں 17 گیگا واٹ کے سولر پینلز درآمد کیے، رپورٹ

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان خاموشی سے سولر پینلز درآمد کرنے والا دنیا کا سب سے بڑا ملک بن گیا۔ برطانوی تھنک ٹینک "ایمبر" کی رپورٹ کے مطابق 2024 میں (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 15)



لاہور: وفاقی وزیر برائے پیٹرولیم علی پرویز ملک اعلیٰ سطحی میٹنگ کی صدارت کر رہے ہیں

آئندہ ماہ سے افراط زر میں اضافہ ہوگا، گورنر سٹیٹ بینک

مالی سال 25 کے اختتام تک جی ڈی پی کی نمو 2.5 سے 3.5 فیصد رہے گی، جمیل احمد

کراچی (این این آئی) گورنر سٹیٹ بینک جمیل احمد نے بتایا ہے کہ آئندہ ماہ سے افراط زر میں اضافہ ہو گا۔ کراچی میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے گورنر سٹیٹ بینک نے کہا کہ (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 20)

نہری ایشو پر پیپلز پارٹی کوئی بھی انتہائی قدم اٹھا سکتی ہے، حسن مرتضیٰ

حکمران مشترکہ اجلاس بلا کر متنازعہ مسائل کا حل نکالیں، جنرل سیکرٹری پیپلز پارٹی وسطی پنجاب



لاہور (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی وسطی پنجاب کے جنرل سیکرٹری سید (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 22)

بجٹ میں بیکری اور کنفیکشنری آئٹمز پر 20 فیصد ہیلتھ ٹیکس کی تجویز

اسلام آباد (این این آئی) وزارت صحت نے حکومت کو تجویز پیش کی ہے کہ 26-2025 کے آئندہ بجٹ میں سینکڑوں (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 25)

جماعت اسلامی اور کسان بورڈ کے کارکن حافظ نعیم الرحمٰن کی کال

فیصل آباد میں 15 اپریل کو صبح 10 بجے ڈپٹی کمشنر دفتر کے سامنے دھرنا دینے کا فیصلہ

فیصل آباد (این این آئی) جماعت اسلامی اور کسان بورڈ کے کارکن حافظ نعیم الرحمٰن کی کال پر کسانوں کو درپیش مسائل اور گندم کی امدادی قیمت طے نہ کرنے کے خلاف (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 26)

ڈاکٹر عافیہ صدیقی کے امریکا میں وکیل کلائیو اسمتھ کا پاکستان آنے کا فیصلہ

عمران شفیق ایڈووکیٹ کی کلائیو اسمتھ سے مشاورت کیلئے وقت دینے کی استدعا منظور

اسلام آباد (این این آئی) رہائی اور وطن واپسی سے متعلق کیس میں ڈاکٹر عافیہ صدیقی کے امریکا میں وکیل کلائیو اسمتھ نے پاکستان آنے کا فیصلہ کر لیا۔ پیر کو جسٹس سردار اعجاز (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 27)

9 مئی روایات کی شواہد کی بنیاد پر سزاؤں کا عمل جاری ہے، اسحاق ڈار

اگر کسی کو قانونی عمل کے ذریعے سزا ہوئی ہے تو ہم کیا کر سکتے ہیں، لاکھوں ڈالر دے کر اداروں کو بدنام کرنا قابل مذمت ہے، میڈیا سے گفتگو

لندن (این این آئی) نائب وزیراعظم اور وزیر خارجہ اسحٰق ڈار نے کہا ہے کہ جن لوگوں نے 9 مئی کے واقعات کیے وہ اس کی قیمت ادا کر رہے ہیں، حکومت اصول پر کمپرومائز نہیں کرے گی، اگر کسی کو قانونی عمل کے ذریعے سزا ہوئی ہے تو ہم کیا کر سکتے ہیں۔ لندن میں میڈیا سے گفتگو میں (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 4)



اسلام آباد: وفاقی وزیر خزانہ محمد اورنگزیب اعلیٰ سطحی میٹنگ کی صدارت کر رہے ہیں

بشریٰ بی بی کی جیل میں بہتر سہولیات کی فراہمی کی درخواست پر فریقین سے جواب طلب

اسلام آباد (این این آئی) بانی پی ٹی آئی کی اہلیہ بشریٰ بی بی کی جیل میں (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 12)

مولانا فضل الرحمٰن نے مائنز اینڈ منرلز بل کی حمایت کرنے والوں سے جواب طلب کر لیا

اسلام آباد (این این آئی) جمعیت علمائے اسلام (ف) کے سربراہ مولانا (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 14)



لاہور: گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر خان سے کمانڈر سینٹرل پنجاب پاکستان نیوی ریئر ایڈمرل جواد احمد بلال امتیاز ملٹری گورنر ہاؤس میں ملاقات کر رہے ہیں

اراکین کانگریس کا پاکستان امریکا تعلقات مزید مستحکم بنانے کے عزم کا اظہار

دورے کے دوران امریکی وفد نے پاکستان کی اعلیٰ سیاسی و عسکری قیادت سے ملاقاتیں کیں: ذرائع کی رپورٹ

پاکستان میں ایمان، اتحاد اور نظم وضبط کا عملی مظاہرہ دیکھا، امریکی اراکین کانگریس نے دورہ پاکستان کو کامیاب، مثبت قرار دیدیا

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان کے دورے پر آئے امریکی اراکین کانگریس نے اپنے حالیہ دورے کو کامیاب، مثبت اور مستقبل کیلئے نہایت اہم قرار دیتے ہوئے دونوں ملکوں کے باہمی تعلقات کو مزید مستحکم کرنے کے عزم کا اظہار کیا ہے۔ دورے کے دوران امریکی وفد نے پاکستان کی اعلیٰ سیاسی و عسکری قیادت سے ملاقاتیں کیں جنہیں دونوں ممالک کے درمیان اعتماد اور تعاون کے فروغ کی جانب اہم قدم قرار دیا گیا۔ رکن کانگریس (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 16)

پنجاب میں (آج) گندم کے بحران پر کاشت کار احتجاج کریں گے، لیاقت بلوچ

پانی کی تقسیم کا فارمولہ طے شدہ ہے، کوئی صوبہ کسی صوبے کا پانی چوری نہ کرے، نائب امیر جماعت اسلامی

لاہور (این این آئی) نائب امیر جماعتِ اسلامی لیاقت بلوچ نے کہا ہے کہ وزیراعظم شہباز شریف صوبوں کی شکایات کا ازالہ کریں۔ لیاقت بلوچ نے ایک بیان میں کہا کہ پانی کی تقسیم کا فارمولہ طے شدہ ہے، کوئی صوبہ کسی صوبے کا پانی چوری نہ کرے۔ انہوں نے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 17)



چنیوٹ: وفاقی وزیر برائے سرمایہ کاری بورڈ قیصر احمد شیخ کھلی کچہری کے دوران عوامی مسائل سن رہے ہیں

امریکی صدر کا سیسی کنڈکٹر انڈسٹری کی مصنوعات پر جلد محصولات عائد کرنے کا اعلان

واشنگٹن (این این آئی) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا کہ وہ جلد ہی (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 18)

سعودی عرب کی مغربی سوڈان میں بے گھر افراد کے کیمپوں پر حملوں کی مذمت

ریاض (این این آئی) سعودی عرب نے مغربی سوڈان کے شہر الفاشر کے قریب نقلِ مکانی کرنے والے افراد کے کیمپوں خاص (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 19)

واشنگٹن: امریکا میں گورنر کی رہائش گاہ کو آگ لگا دی گئی

واشنگٹن (این این آئی) امریکی ریاست پنسلوانیا کے گورنر کی رہائش گاہ کو آگ لگا دی گئی، شدید آتشزدگی سے گھر کے ایک حصے کو (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 21)

مفکر پاکستان شاعر مشرق ڈاکٹر سر علامہ محمد اقبال کا 87 واں یوم وفات 21 اپریل کو منایا جائے گا

مکوآنہ (این این آئی) مفکر پاکستان شاعر مشرق ڈاکٹر سر علامہ محمد اقبال کا 87 واں یوم وفات 21 اپریل کو منایا جائے گا اس سلسلے میں فیصل آباد سمیت ملک بھر میں سرکاری و غیر سرکاری (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 24)

پاکستان کی امریکا کو برآمدات میں 8 ماہ کے دوران اضافہ ریکارڈ

شمالی امریکا کو برآمدات 9.7 فیصد بڑھ کر 4.2 ارب ڈالر تک پہنچ گئیں

اسلام آباد (این این آئی) رواں مالی سال کے پہلے آٹھ ماہ میں پاکستان کی امریکا کو برآمدات میں 10.4 فیصد اضافہ ریکارڈ ہوا ہے۔ رپورٹ کے مطابق شمالی امریکا کو برآمدات 9.7 فیصد بڑھ کر 4.2 ارب ڈالر تک پہنچ گئیں۔ رپورٹ میں بتایا گیا کہ ایس آئی ایف سی (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 23)

سعودی عرب میں پھنسے عمرہ زائرین کی تاحال وطن واپسی نہ ہو سکی

لاہور (این این آئی) سعودی عرب میں محصور پاکستانی عمرہ زائرین کی (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 29)

پنجاب بھر کے سکولوں میں گرمی کی شدت کے پیش نظر احتیاطی تدابیر نافذ

لاہور (این این آئی) پنجاب بھر کے سکولوں میں گرمی کی شدت کے پیش (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 31)

ضلع کرم میں تمام بنکرز مسمار، اسلحہ جمع کرنے کا عمل شروع ہوگا، ضلعی انتظامیہ

پشاور (این این آئی) ضلع کرم میں قیام امن کا دوسرے مرحلے میں بنکرز (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 32)



لاہور: وفاقی وزیر برائے کمیونیکیشن عبدالعلیم خان سے خواجہ سعد رفیق ملاقات کر رہے ہیں

سبحت سکیورٹی میں بھارتی سکھ یاتریوں کے تمام جتھے نکانہ صاحب پہنچ گئے

گوردوارہ جنم استھان آمد پر ڈپٹی کمشنر محمد تسلیم اختر راسمیت دیگر افسران نے سکھ یاتریوں کا پرتپاک استقبال کیا

بھارت سے آئے سکھ یاتریوں کو پھولوں کے گلدستے پیش کیے گئے، ہار پہنائے، منوں پتیاں بھی نچھاور کی گئیں: ضلعی انتظامیہ

نکانہ صاحب (این این آئی) بھارتی سکھ یاتریوں کے تمام جتھے نکانہ صاحب پہنچ گئے، سکھ یاتریوں کو خصوصی بسوں کے ذریعے سخت سکیورٹی حصار میں گوردوارہ جنم استھان پہنچایا گیا۔ گوردوارہ جنم استھان آمد پر ڈپٹی کمشنر محمد تسلیم اختر راو سمیت دیگر افسران نے سکھ یاتریوں کا پرتپاک استقبال کیا، بھارت سے آئے سکھ یاتریوں کو پھولوں کے گلدستے پیش کیے گئے، ہار پہنائے، منوں پتیاں نچھاور کی گئیں۔ ترجمان ضلعی انتظامیہ کے مطابق (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 33)

اسلام آباد: وفاقی وزیر برائے بحری امور محمد جنید انور سے قازقستان کے سفیر ملاقات کر رہے ہیں

غزہ میں اسرائیل کی شدید بمباری مزید 37 فلسطینی شہید

غزہ میں اسرائیل کے جنگی جرائم جاری ہیں، خوراک تقسیم کرتے ہوئے 6 رضا کار بھائی اسرائیلی حملے میں شہید ہوئے، عرب ٹی وی

شہادتوں کی تازہ ترین تعداد 61 ہزار 700 سے زائد، ہزاروں افراد اب بھی ملبے تلے دبے ہوئے ہیں اور انہیں مردہ تصور کیا جا رہا ہے

غزہ (این این آئی) غزہ میں اسرائیل کے جنگی جرائم جاری ہیں، تازہ حملوں میں 6 سگے بھائیوں سمیت مزید 37 فلسطینی شہید ہو گئے۔ غیر ملکی میڈیا کے مطابق غزہ کے علاقے دیر البلح میں بھوکے فلسطینیوں کو خوراک فراہم کرنے میں مصروف 6 سگے بھائی، جن کی عمریں 10 سے 34 سال کے درمیان تھیں اسرائیلی بمباری کے نتیجے میں شہید ہو گئے۔ شہید بیٹوں کے والد زکی ابو مہدی کا کہنا ہے کہ ان کے بیٹے جنگ کے آغاز سے ہی ضرورت (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 28)

9 مئی، جسمانی ریمانڈ کی درخواست پر عمر سرفراز چیمہ کو نوٹس جاری

سپریم کورٹ نے عمر سرفراز چیمہ کو نوٹس کوٹ لکھپت جیل انتظامیہ کے توسط سے جاری کیا

اسلام آباد (این این آئی) سپریم کورٹ آف پاکستان نے پنجاب حکومت کی جسمانی ریمانڈ کی اپیل پر سابق گورنر پنجاب عمر سرفراز چیمہ کو نوٹس جاری کر دیا۔ پیر کو چیف جسٹس (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 30)

لاہور: وفاقی وزیر برائے کمیونیکیشن عبدالعلیم خان سے خواجہ سعد رفیق ملاقات کر رہے ہیں

لاہور: نائب امیر جماعت اسلامی لیاقت بلوچ جامع مسجد منصورہ میں پروفیسر خورشید احمد کی غائبانہ نماز جنازہ پڑھا رہے ہیں

روزنامہ قوت لاہور
سٹی نیوز

ویتنام: چین تعلقات نے مضبوط اور نمایاں ترقی کی ہے، نائب وزیر اعظم و وزیر خارجہ ویتنام

ویتنام کی پارٹی اور ریاستی رہنماؤں نے اس دورے سے بہت زیادہ توقعات وابستہ کی ہیں

ہنوئی (شہود) ویتنام کے نائب وزیر اعظم اور وزیر خارجہ بوئی تھانہ سون کا کہنا ہے کہ حالیہ برسوں میں ویتنام۔ چین تعلقات نے متعدد شعبوں میں مضبوط، جامع اور نمایاں ترقی کی ہے۔ چینی صدر شی جن پھنگ کے چار کے روز ویتنام کے سرکاری دورے سے قبل شہود کے ساتھ ایک انٹرویو میں سون نے کہا کہ یہ دورہ کیمونسٹ پارٹی آف ویتنام کی مرکزی کمیٹی کے جنرل سیکرٹری تو لام کے سرکاری دورہ چین کے ایک برس سے بھی کم عرصے بعد ہو رہا ہے جو اسٹریٹجک اہمیت کا حامل ہے۔ توقع ہے کہ اس کے دوطرفہ تعلقات کی ترقی پر طویل مدتی اثرات مرتب ہوں گے۔ نائب وزیر اعظم نے کہا کہ ویتنام کی پارٹی اور ریاستی رہنماؤں نے اس دورے سے بہت زیادہ توقعات وابستہ کی ہیں۔ سون نے توقع ظاہر کی کہ یہ دورہ اعلیٰ سطح اسٹریٹجک رابطے، مضبوط سیاسی باہمی اعتماد کی بنیاد کو مستحکم، قومی نظم و نسق اور ترقی میں تجربات کے تبادلے، جیسے اور غیر متوقع علاقائی اور عالمی منظر نامے کے تناظر میں دوطرفہ تعلقات میں مضبوط اور مستحکم ترقی کے لئے لائحہ عمل طے کرے گا۔ انہوں نے کہا کہ یہ دورہ دوطرفہ تعاون کی مختلف سمت اور ترجیحات کا بھی تعین کرے گا، عملی تعاون کو آگے بڑھانے گا اور معیاری۔ سبز، ریلیز، زرعی تجارت، سائنس و ٹیکنالوجی، تعلیم و تربیت، ڈیجیٹل اور ماحول دوست معیشت جیسے شعبوں میں اعلیٰ سطح تعاون کے نمایاں پھلوں کو فروغ دے گا جہاں ویتنام کو ضروریات ہیں اور چین کے پاس مہارت موجود ہے تاکہ دونوں قوموں کی امنگوں اور مفادات کو پورا کیا جا سکے۔

لاہور: ٹریفک وارڈن کا رکشہ ڈرائیور پر تشدد، ہیلمٹ مار دیا

لاہور (رمیض علی سے) چالان کرنے پر ٹریفک وارڈن اور رکشہ ڈرائیور میں تصادم، ٹریفک وارڈن نے رکشہ ڈرائیور کو زخمی کر دیا پولیس کے مطابق ریسکیو 1122 نے رکشہ ڈرائیور کو طبی امداد کیلئے گنگا رام ہسپتال منتقل کر دیا، ہسپتال میں رکشہ ڈرائیور کی حالت خطرے سے باہر ہے، نیازی اڈا کے قریب ڈیوٹی پر موجود وارڈن نے رکشہ ڈرائیور کو روکا اور چالان کرنے لگا۔ رکشہ ڈرائیور نے مبینہ طور پر ہیلمٹ کی جس پر وارڈن نے ہیلمٹ مار دیا، پولیس کا کہنا ہے کہ معاملے کی تحقیقات کی جارہی ہیں جلد اصل حقائق سامنے لائیں گے۔

چین: آسیان تعاون سے متعلق شہود اٹھنگ ٹینک رپورٹ قابل تائش ہے، ماہرین

آسیان برادری کی سمت کام کرنے کا نظریہ پیش کیا گیا ہے

کوالالپور (شہود) ایک تھنک ٹینک کی رپورٹ پر ماہرین نے شبت ردعمل ظاہر کیا ہے جس میں علاقائی جامع اقتصادی شراکت داری (آر سی ای پی) اور 21ویں صدی کی بحری شاہراہ ریشم کے 2 فریم ورکس کے تحت چین۔ آسیان تعاون کے لئے مواقع کا تجزیہ اور مشترکہ مستقبل کے ساتھ ایک قریبی چین۔ آسیان برادری کی سمت کام کرنے کا نظریہ پیش کیا گیا ہے۔ آر سی ای پی اور بحری شاہراہ ریشم کو سوئچ بتین۔ آسیان تعاون کی کی سرحدوں کے عنوان سے یہ رپورٹ ملائشیا کے دارالحکومت میں شہود انیشی ایٹو نے جاری کی تھی۔ چائنہ ایکسچینج کنسلٹنگ گروپ کے نائب چیئرمین چینی ژونگ نے رپورٹ میں چین اور جنوب مشرقی ایشیائی اقوام کی تنظیم (آسیان) کے درمیان کامیاب تعاون کے جامع جائزے کے دو اہم مثالوں اور تفصیل اعداد و شمار سے

لاہور: گھر میں ڈکیتی کی واردات کرنے والا ڈاکو 13 سال بعد گرفتار

لاہور (رمیض علی سے) ملزم نے 13 سال قبل مبشر سعید بھٹی کے گھر میں ڈکیتی کی واردات کی تھی، تھانہ اسلام پورہ کی ٹیم کی کارروائی، ملزم کو 13 سال بعد گرفتار کرلیا گیا، ایس ایچ او فیصل ناہن افضل ریاض کے مطابق ملزم نے 13 سال قبل مبشر سعید بھٹی کے گھر میں ڈکیتی کی واردات کی تھی، ملزم کو گرفتار کرنے والی ٹیم کو ایس ایچ او فیصل ناہن افضل ریاض کی نگرانی میں تشکیل دیا گیا تھا، ملزم کی گرفتاری پر ایس پی انویسٹی گیشن ڈاکٹر عمر فاروق کی خصوصی ہدایت پر ایس پی انویسٹی گیشن کنسلٹنگ گروپ کے نائب چیئرمین چینی ژونگ نے رپورٹ میں چین اور جنوب مشرقی ایشیائی اقوام کی تنظیم (آسیان) کے درمیان کامیاب تعاون کے جامع جائزے کے دو اہم مثالوں اور تفصیل اعداد و شمار سے

وفاقی وزیر پیٹرولیم علی پرویز ملک کا سوئی ناردن گیس پائپ لائنز لمیٹڈ کے ہیڈ آفس کا دورہ

گیریژن یونیورسٹی ڈویژن مومن آغا بھی ساتھ موجود تھے، وزیر پیٹرولیم نے گیریژن یونیورسٹی ڈویژن کی طرف سے پیش کی گئی اہم مسائل کے حل میں مکمل تعاون کی یقین دہانی بھی کرائی

لاہور (صدف الطاف چوہدری سے) سوئی ناردن گیس پائپ لائنز لمیٹڈ کے چیئرمین ڈاکٹر سلیم الدین نے زور دیا کہ عوام کو گیس کی سوئٹزرلینڈ کی حکومت کی جانب سے فراہمی کے لئے سہولیاں مہیا کرنا اس کی اولین ترجیح ہے۔ وزیر پیٹرولیم نے گیس سہولیاں کی بہتر بنانے اور ترسیلی نظام میں موجود خامیوں کے خاتمے کے لیے جدید اصلاحات کی ضرورت پر زور دیا۔ اس ضمن میں جنیفر ہ نے گیس کی انتظامیہ سے ملاقات کے دوران سوئی ناردن اور پیٹرولیم سیکٹر کو درپیش اہم



ڈولفن اسکواڈ نے 48 گھنٹوں میں مختلف علاقوں سے 82 ملزمان گرفتار کرلیا

06 ملزمان کو ہتھکڑیاں لگا کر پارک، ملٹ پارک، ہائی پاور موٹر سائیکلیں برآمد، 76 موٹر سائیکلیں برآمد، 6 ملزمان کے قبضے سے پستولیں، ڈور بمآمد کرکے انہیں مزید کارروائی کیلئے تھانہ ماریک ریس کورس، ہتھ وال، ملٹ پارک، ہائی پاور اور دیگر کے حوالے کردیا، ایس پی ڈولفن شاہین خالد کا کہنا ہے کہ پتنگ بازی، ون ویلنگ، ہوائی فائرنگ کے خلاف بلا امتیاز کارروائیاں جاری رہیں گی ہم شہریوں کی جانوں کو خطرے میں ڈالنے نہیں دیں گے۔

لاہور (کرائم رپورٹر) ڈولفن اسکواڈ نے 48 گھنٹوں کے دوران شہر کے مختلف علاقوں سے 82 ملزمان کو گرفتار کرکے متعلقہ تھانوں کی پولیس کے حوالے کردیے ترجمان ڈولفن کے مطابق ڈولفن سکواڈ کا پتنگ بازی، ون ویلنگ، ہوائی فائرنگ کیخلاف کریک ڈاؤن جاری ہے گزشتہ 48 گھنٹوں کے دوران ڈولفن اسکواڈ نے ریس کورس، ہتھ وال روڈ، کینال روڈ، جیل روڈ، بند روڈ، فیروز پور روڈ و دیگر علاقوں سے 76 موٹر بائیکس، پتنگ بازی، ہوائی فائرنگ میں ملوث

پنجاب کی ثقافت دلوں میں گھر کرنے والی ہے۔ زید بن مقصود

کلچر ڈے سے نئی نسل کو اپنی ارضی روایات اور اسلاف کے طرز زندگی سے تعارف حاصل ہوتا ہے، کمشنر لاہور



لاہور (خبر نگار) پنجاب کلچر ڈے کے حوالے سے کمشنر لاہور زید بن مقصود نے کہا ہے کہ پنجاب کی ثقافت دلوں میں گھر کرنے والی ہے۔ ایک دنیا معترف ہے۔ کلچر ڈے سے نئی نسل کو اپنی ارضی روایات اور اسلاف کے طرز زندگی سے تعارف حاصل ہوتا ہے۔ کمشنر لاہور زید بن مقصود نے کہا کہ ہم شہریوں کو اپنی ثقافت کی قابل فخر علامت ہے جو خود اداری اور مہمان نوازی کا بہترین نمونہ ہے۔ لباس ثقافت کا تذکرہ اور ان پر مشتمل ضروری فخر ہے۔ انہوں نے پنجاب کلچر ڈے پر اپنے پیغام میں کہا کہ پنجاب کی ثقافت زبان کے خوبصورت اور متنوع لہجوں سے مزین ہے۔ پنجاب کی ثقافت نے تاریخ کا طویل سفر طے کیا ہے۔ اپنے دامن میں باہمی بھائی چارے، امن

ڈی سی او لاہور ڈاکٹر اطہر وحید نے پنجابی پگ پہن کر امور سرانجام دیئے

پنجاب پانچ دریاؤں کی سرزمین خوبصورت کلچر اور دلفریب روایات کا تحفظ اور پر جاہر شرکت کو مداری ہے۔ ڈاکٹر اطہر وحید



لاہور (خبر نگار) لاہور پنجابی کلچر ڈے پر پنجاب پولیس ثقافتی رنگ میں ڈھل گئی سی پی او لاہور نے پنجابی پگ پہن کر امور سرانجام دیئے۔ سی او اور ڈاکٹر اطہر وحید نے پنجابی پگڑی پہنی اور فخریہ انداز میں ٹرائفل پوز دیا۔ ڈاکٹر اطہر وحید نے کہا کہ پنجاب پانچ دریاؤں کی سرزمین ہے جس کی خوبصورت کلچر اور ظریف روایات کو آگے پھیلانا ہے۔ زندہ قومیں اپنے کلچر کو مرنے نہیں دیتیں بلکہ اسے فروغ دیتی ہیں۔ ثقافت کو اجاگر کرتے ہوئے اسے آگے بڑھانا ہے۔ پنجابی کلچر کے فروغ میں پنجابی صوفی شعراء اور بزرگان دین نے اپنی تعلیمات سے ہے۔ پنجاب کے کلچر کو فروغ دیا ہے۔ ڈاکٹر اطہر وحید نے اور فخری امور سرانجام دیئے۔ سی ڈی اے او اور ڈی سی او لاہور ڈاکٹر اطہر وحید نے کہا کہ پنجاب پانچ دریاؤں کی سرزمین ہے جس کے کہ پنجاب پانچ دریاؤں کی سرزمین ہے جس کے خوبصورت کلچر اور ظریف روایات کو آگے پھیلانا ہے۔ زندہ قومیں اپنے کلچر کو مرنے نہیں رکھتی ہیں بلکہ اسے فروغ کیلئے ہرممکن اقدامات کے ڈے کو منانے ایک احسن روایت ہے اور اس دن کو منانے کا مقصد سرزمین پنجاب کی خوبصورت

جنرل ہسپتال میں اینٹی سنیک وینم کی دستیابی سے سانپ کے ڈسے کا شکار کی جان بچ گئی

54 سالہ محمد اکرم کو کیمتوں میں چارہ کاٹتے کے دوران سانپ نے ڈس لیا: ڈاکٹر زبرقت اور رحمت طبی سہولیات کی فراہمی پر محمد اکرم کے اہل خانہ نے ہسپتال انتظامیہ کا شکریہ ادا کیا

گرمی کے موسم میں حشرات العرض باہر نکلتے ہیں، عوام احتیاط کریں: ڈاکٹر محمد مقصود

مریم نواز کی ہدایت پر ہیلتھ کیلئے سہولیات مزید معاونہ فراہمی جاری: پرنسپل ایم ایس

لاہور (خبر نگار) جنرل ہسپتال میں اینٹی سنیک وینم کی دستیابی سے سانپ کے ڈسے کا شکار کی جان بچ گئی۔ 54 سالہ محمد اکرم کو کھیتوں میں چارہ کاٹتے کے دوران سانپ نے ڈس لیا، متاثرہ شخص کو جنرل ہسپتال پہنچایا گیا جہاں ڈیوٹی پر موجود ڈاکٹر نے فوری طور پر محمد اکرم کو سانپ کے کاٹنے کا حفاظتی ٹیکا لگایا جس سے ان کی حالت سنبھل گئی۔ بروقت اور صفت طبی سہولیات کی فراہمی پر محمد اکرم کے اہل خانہ نے ہسپتال انتظامیہ کا شکریہ ادا کیا۔ میڈیکل یونٹ 3 کے ڈاکٹر محمد مقصود کا کہنا تھا کہ گرمی کے موسم میں حشرات العرض باہر نکلتے ہیں، عوام احتیاط کریں

ملتان روڈ پر 4 منزلہ پلازہ میں آگ بھڑکنے سے بھاری مالیت کا سامان جل گیا تاہم کوئی جانی نقصان نہیں ہوا

لاہور (کرائم رپورٹر) ملتان روڈ پر 4 منزلہ پلازہ میں آگ بھڑکنے سے بھاری مالیت کا سامان جل گیا تاہم کوئی جانی نقصان نہیں ہوا، پلازہ میں کام کرنے والے چار امیدواران کو گرفتار کرلیا گیا۔ ڈی آئی جی سید حماد عابدی کے مطابق ملزمان کے خلاف قانونی کارروائی عمل میں لائے ہوئے مقدمہ درج کرلیا گیا، ایس پی لوئر جناب عاصم نظیر کے مطابق ملزمان کو جوڈیشل مجسٹریٹ کے سامنے پیش کیا جائے گا، ایس پی لوئر جناب عاصم نظیر نے کہا کہ ملزمان کی نشاندہی پر مزید ملزمان کو گرفتار

ABC CERTIFIED
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
چیف ایڈیٹر
میاں محمد فیاض
روزنامہ قوت لاہور
''روزنامہ قوت لاہور'' (3) 15 اپریل 2025ء

پریس کلب وفد کی سی پی او فیصل آباد صاحبزادہ بلال عمر سے ملاقات

ملاقات کے دوران سی پی او فیصل آباد نے شہر میں جرائم کے خاتمے کے لیے جاری اقدامات اور حاصل شدہ اعداد و شمار سے وفد کو آگاہ کیا



فیصل آباد (مسعود احمد بھٹہ) پریس کلب فیصل آباد کے صدر شاہد علی کی قیادت میں کابینہ کے وفد نے سی پی او فیصل آباد صاحبزادہ بلال عمر سے ملاقات کی۔ وفد نے ان کے والد کی وفات پر دلی تعزیت کا اظہار کیا اور فاتحہ خوانی کی۔ ملاقات کے دوران سی پی او فیصل آباد نے شہر میں جرائم کے خاتمے کے لیے جاری اقدامات اور حاصل شدہ اعداد و شمار سے وفد کو آگاہ کیا۔ انہوں نے سیف سٹی پراجیکٹ کی پیش رفت اور افادیت پر بھی تفصیل سے روشنی ڈالی۔ صدر شاہد علی نے سی پی او کو پریس کلب فیصل آباد کے دورے کی دعوت دی اور تعلیمی اداروں میں منشیات کی فروخت کی تشویشناک صورتحال سے آگاہ کیا۔ اس پر سی پی او نے جاری کریک ڈان اور اس کے نتائج کے بارے میں اعداد و شمار شیئر کیے۔ سینئر نائب صدر جی اے تنویر نے سوشل میڈیا پر جرائم پیشہ عناصر کی تشہیر اور اسلحہ کی نمائش پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے نوجوان نسل پر اس کے منفی اثرات کی نشاندہی کی سیکرٹری پریس کلب سید عبدار حسین عابدی نے کہا کہ پولیس اور میڈیا کے درمیان رابطے کو مزید مضبوط بنانے کی ضرورت ہے تاکہ معاشرتی مسائل کے حل میں مثر کردار ادا کیا جا سکے۔ وفد میں جوائنٹ سیکرٹری ندیم جاودانی، سابق سیکرٹری میاں کاشف فرید، ایگزیکٹو ممبران رانا محسن فاروق، افشاں بتول، شاہد محمود رانا، حنا جمیل، نعیم شاکر، رفعت انور، ارشد انصاری، ڈاکٹر سعید طاہر، توفیق یوسف، علی رضا ملک اور معروف کالم نگار رانا زاہد محمود شامل تھے۔ ملاقات خوشگوار ماحول میں اختتام پذیر ہوئی اور دونوں جانب سے باہمی تعاون کو فروغ دینے کے عزم کا اظہار کیا گیا۔

فلسطین کے مسلمانوں پر تاریخ کا بدترین ظلم فوراً بند کیا جائے: امیر تحریک اتباع رسول

یہودی اور عیسائی اکٹھے ہو سکتے ہیں تو مسلمان آپس میں کیوں اتحاد نہیں کرتے



شرقپور شریف (نامہ نگار) فلسطین کے مسلمانوں پر تاریخ کا بدترین ظلم فوراً بند کیا جائے: امیر تحریک اتباع رسول ﷺ یہودی اور عیسائی اکٹھے ہو سکتے ہیں تو مسلمان آپس میں کیوں اتحاد نہیں کرتے۔ قبلہ اول بیت المقدس کی حفاظت کی خاطر جان و مال کی قربانیاں دینے والے فلسطین کے مسلمانوں کے ساتھ اظہار یکجہتی کے لیے ۱۱ اپریل جمعۃ المبارک کی نماز کے بعد آستانہ عالیہ مرتضائیہ قلعہ شریف میں ایک عظیم الشان ریلی کا انعقاد کیا گیا، ریلی کے اختتام پر امیر وبانی تحریک اتباع رسول ﷺ صاحبزادہ مفتی خلیل احمد مرتضائی نے ہزاروں افراد کے مجمع سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ عالمی ادارے فوراً مداخلت کریں اور فلسطین کے مسلمانوں کی نسل کشی بند کروائیں، اس موقع پر تمام حاضرین سے اسرائیل اور اس کے حمایتیوں کی مصنوعات کے مکمل بائیکاٹ کا عہد لیا گیا، آخر میں تحریک اتباع رسول ﷺ کی سپریم کونسل سمیت درجنوں علماء کرام کی موجودگی میں بیت المقدس کی آزادی اور مسلمانوں کی فتح و نصرت کے لیے دعا کی گئی۔

سکھ یاتریوں کا دوسرا قافلہ بھی گردوارہ روہڑی صاحب ایمن آباد پہنچ گیا

سٹی پولیس آفیسر رانا ایاز سلیم، ممبران ضلعی امن کمیٹی اور دیگر نے سکھ یاتریوں کو پھولوں کو نچھاور کرتے ہوئے خوش آمدید کہا

گوجرانوالہ (رانا ظفر اقبال قوت بیورو) 326 ویزوں و یساکھی تہوار کے موقع پر سکھ یاتریوں کا دوسرا قافلہ بھی گردوارہ روہڑی صاحب ایمن آباد پہنچ گیا۔ ڈپٹی کمشنر نوید احمد، سٹی پولیس آفیسر رانا ایاز سلیم، ممبران ضلعی امن کمیٹی اور دیگر نے سکھ یاتریوں کو پھولوں کو نچھاور کرتے ہوئے خوش آمدید کہا پہلے قافلے میں 1489 سکھ یاتری 40 گاڑیوں میں فول پروف سیکورٹی میں پہنچے گوردوارہ روہڑی صاحب ایمن آباد مجموعی طور 29 سو کے قریب سکھ یاتریوں کی آمد ہوئی، ویساکھی تقریبات میں شرکت کرنے والے سکھ یاتری وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے مشکور پاکستانی پنجاب آ کر اپنے گھر سے زیادہ پیار اور محبت ملی، سکھ کا مثالی انتظامات پر ڈپٹی کمشنر نوید احمد، سی پی او ایاز سلیم اور اداروں کا شکریہ ادا کرتے ہیں، سکھ یاتری ضلعی انتظامیہ کی طرف سیکورٹی انتظامات کی مانیٹرنگ کے لیے کنٹرول روم قائم کیا گیا، چیف سیکورٹی کیمرے نصب کیے گئے، ڈپٹی کمشنر نوید احمد کہا پہلے قافلے کی طرف سے ہیلتھ کیمپ قائم کیے گئے ہیں، ڈپٹی کمشنر گوجرانوالہ نوید احمد سکھ یاتریوں کو فول پروف سیکورٹی دینے کے لیے 1700 سے زائد پولیس افسران و جوان ڈیوٹی سر انجام دے رہے ہیں، سی پی او گوجرانوالہ ڈسٹرکٹ پولیس کے علاوہ 22 ایلیٹ اور 12 ڈولفن کی ٹیمیں بھی سیکورٹی مہیا کریں گی۔

ڈپٹی کمشنر گوجرانوالہ کا فرانسیس آباد کا دورہ

مسیحی برادری کے مقدس تہوار ایسٹر کی تیاریوں کے حوالے سے سیکورٹی و دیگر انتظامات کا جائزہ لیا، چرچ کا بھی دورہ کیا



گوجرانوالہ (نوید بخاری قوت بیورو) ڈپٹی کمشنر گوجرانوالہ نوید احمد کا سٹی پولیس آفیسر رانا ایاز سلیم کے ہمراہ اتوار کے روز فرانسیس آباد کا دورہ، مسیحی برادری کے مقدس تہوار ایسٹر کی تیاریوں کے حوالے سے سیکورٹی و دیگر انتظامات کا جائزہ لیا، چرچ کا بھی دورہ کیا۔ دورہ کے موقع پر مسیحی کمیونٹی کے معززین، سیاسی و مذہبی رہنماؤں سے بھی ملاقات کی۔ اقلیتی کمیونٹی کے ایم پی اے عمانوئیل اظہر جولیئس بھی موجود تھے۔ ڈپٹی کمشنر گوجرانوالہ نوید احمد اور رانا ایاز سلیم نے کہا کہ ایسٹر کے موقع پر گوجرانوالہ و زیر آباد کے تمام گرجا گھروں اور جہاں پر اس تہوار کے سلسلہ میں پروگرامز کا انعقاد کیا جائے گا وہاں مثالی انتظامات کئے جائیں گے تاکہ مسیحی برادری اپنے مقدس تہوار کو بھرپور طریقے سے منا سکیں۔ ایسٹر مسیحی کمیونٹی کا مقدس اور خوشیوں بھرا تہوار ہے جسے مسیحی برادری مذہبی جوش و خروش کے ساتھ مناتی ہے۔ اس موقع پر ضلع بھر میں سیکورٹی، صفائی ستھرائی، تجاوزات، ٹریفک مینجمنٹ اور دیگر انتظامی امور کو یقینی بنانے کے لیے مکمل انتظامات کیے جا رہے ہیں۔ ہم نے تمام متعلقہ اداروں کو ہدایات جاری کر دی ہیں کہ چرچز، عبادت گاہوں اور عوامی مقامات پر سیکورٹی کے سخت انتظامات کیے جائیں۔ صفائی ستھرائی، پانی اور بجلی کی فراہمی کو بھی یقینی بنایا جا رہا ہے تاکہ مسیحی برادری کو کسی قسم کی تکلیف نہ ہو۔

یوگا کلب اراکین کے اعزاز میں پرتکلف عشائیہ کا اہتمام کیا گیا

اسلام نے ہمیں باہمی رفاقت کو بڑھانے اور ایک دوسرے کے دکھ سکھ میں شریک ہونے کا درس دیا ہے: حاجی علی احمد رحمانی



شیخوپورہ (بیورو رپورٹ) انجمن تاجران سبزی و فروٹ منڈی کے سینئر رہنما حاجی علی احمد رحمانی کی طرف سے یوگا کلب اراکین کے اعزاز میں پرتکلف عشائیہ دیا گیا جس میں سینئر استاد یوگا کلب میاں اختر حسین جالندھری، حاجی رانا محمد یعقوب خاں، میاں ذوالفقار حسین جالندھری، حاجی محمد عثمان رحمانی، رانا عدیل احمد، چوہدری مقبول حسین جٹ دیو، ڈاکٹر ارشاد احمد، سید علی معظم رضوی، حاجی توقیر مٹھو، شیخ محمد اسلام، محمد طلحہ، چوہدری عمر فاروق، محمد معیز، محمد ایان، سید محمد حسنین رضا رضوی و دیگر نے شرکت کی، اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے حاجی علی احمد رحمانی نے کہا کہ میری دعوت پر عشائیہ میں شرکت کر کے تمام احباب نے مجھے بھرپور عزت بخشی جس پر تمام حاضرین کا دلی مشکور ہوں اسلام نے ہمیں باہمی رفاقت کو بڑھانے اور ایک دوسرے کے دکھ سکھ میں شریک ہونے کا درس دیا ہے یہ عشائیہ بھی مل بیٹھنے کی ایک ادنیٰ کوشش ہے یوگا کلب کے اراکین قابل احترام و لائق تحسین ہیں جو یوگا کے فروغ کی خاطر بھرپور کردار ادا کر رہے ہیں انکی مشترکہ کاوشوں کے موثر و تعمیری نتائج برآمد ہو رہے ہیں گزشتہ روز نکالی گئی ورزش آگاہی ریلی کو حاصل ہونیوالی عوامی پذیرائی ناقابل فراموش ہے، شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے میاں اختر حسین جالندھری نے حاجی علی احمد رحمانی کا عشائیہ کے انعقاد پر شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ یوگا کی سرگرمیوں کے فروغ میں تمام اراکین کا کردار کلیدی ہے۔

محنت کشوں کو 37 ہزار سے کم اجرت دینے پر کارروائی ہوگی: پاکستان ورکرز فیڈریشن

عملدرآمد نہ کرنیوالے فیکٹری مالکان کیخلاف قانونی کاروائی ہوگی: آصف خان



سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) صدر صورت میں بعد از انکوائری باقاعدہ طور پر فیکٹریوں کے مالکان کو 6 ماہ قید اور 50 ہزار روپے جرمانہ ہوگا جس سے مزدوروں کا معاشی استحصال کرنے والے سرمایہ داروں کو اپنا قبلہ درست کرنے کی ضرورت ہے وگرنہ پاکستان ورکرز فیڈریشن انشاء اللہ مزدوروں محنت کشوں کی جانب سے باضابطہ شکایت ملنے پر اپنے محنت کشوں کے حقوق کی جنگ میں انکے ہراول دستے کا کردار ادا کرتی رہی ہے کرے گی اور ادارہ مزدوروں کا ساتھ دیگی۔ پاکستان ورکرز فیڈریشن حاجی اشرف وسیکرٹری جنرل پاکستان ورکرز فیڈریشن آصف خان نے حکومت سے مطالبہ کیا ہے کہ فیکٹری ورکرز ملازمین کی 37 ہزار سے کم اجرت دینے والی کمپنیوں کے مالکان کیخلاف شکایت پر قانون کے مطابق کاروائی وجیل بھیجنے کا پلان شروع کرنے کا۔ ہر مقدم کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ محکمہ لیبر نے عوامی شکایات پر کم اجرت دینے والی فیکٹریوں کے چالان شروع کر دیئے ہیں جو خوش آئند بات ہے۔ مزدور ورکرز اور کارخانہ مالکان محنت کشوں کو سرکاری طور پر مقررہ کم سے کم تنخواہ 37 ہزار سے کم دینے کی شکایت ملنے کی

جنید آفتاب کے بھائی جمشید آفتاب کو سپرد خاک کر دیا گیا

نماز جنازہ میں مختلف مکاتب فکر کے عمائدین کی سینکڑوں کی تعداد میں شرکت

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) سنیئر جرنلسٹ جنید آفتاب کے چھوٹے بھائی جمشید آفتاب کی نماز جنازہ کے بعد انہیں سپرد خاک کر دیا گیا۔ نماز جنازہ میں فیملی و صحافیوں کے علاوہ شہر اقبال سیالکوٹ کے مختلف مکاتب فکر کے عمائدین شہر نے سینکڑوں کی تعداد میں شرکت کی۔ واضع رہے مرحوم جمشید آفتاب گورنمنٹ مرے کالج میں اسسٹنٹ پروفیسر شعبہ کیمسٹری تھے۔ بیشمار طلباء و طالبات ان کے شاگرد جہاں انکی اچانک وفات پر رنجیدہ ہیں وہیں ان کے بڑے بھائی سنیئر صحافی جنید آفتاب و فیملی داغ مفارقت دینے پر سوگوار ہیں۔ دوسری جانب سیالکوٹ پریس کلب رجسٹرڈ کے صحافیوں کیجانب سے جنید آفتاب کیساتھ اظہار تعزیت اور دکھ کی اس گھڑی میں انکے ساتھ کھڑے ہونے کا عندیہ دیا گیا۔

زندہ قومیں اپنے تہذیب اور ثقافت سے آگے بڑھتی ہیں: پاسٹر پرویز قیصر

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) سماجی و فلاحی رہنما پاسٹر پرویز قیصر نے صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے کہا ہے کہ آج پنجاب کلچر ڈے ہے۔ زندہ قومیں اپنے تہذیب اور ثقافت سے آگے بڑھتی ہیں۔ ہماری مادری زبان پنجابی ہے اور یہ ہمارے لیے فخر کی بات ہے۔ آج اگر ہم دنیا کے نظام کے اندر آگے بڑھنا چاہتے ہیں تو ہمیں اپنی تعلیم اپنا رہن سہن اپنی سوچ اور سماج کو اپنی زبان میں ڈھالنا ہوگا۔ غلام سوچ، نظام تعلیم، تہذیب و ثقافت ہمیں کبھی بھی ترقی نہیں دے سکتا۔ دوسروں کی زبان میں ترتیب دیا ہوا رسم ورواج اور نظام تعلیم ایک کند ذہن پیدا کر سکتا ہے۔ حکومت کو چاہیے کہ پنجابی زبان اور اسکے کلچر کو نظام تعلیم، سماج، اور معاشرتی نظام میں نئی اصطلاحات کے ساتھ نافذ کرے۔

نماز جنازہ میں مختلف مکاتب فکر کے عمائدین کی تعداد میں شرکت

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) سنیئر جرنلسٹ جنید آفتاب کے چھوٹے بھائی جمشید آفتاب کی نماز جنازہ کے بعد انہیں سپرد خاک کر دیا گیا۔ نماز جنازہ میں فیملی و صحافیوں کے علاوہ شہر اقبال سیالکوٹ کے مختلف مکاتب فکر کے عمائدین شہر نے سینکڑوں کی تعداد میں شرکت کی۔ واضع رہے مرحوم جمشید آفتاب گورنمنٹ مرے کالج میں اسسٹنٹ پروفیسر شعبہ کیمسٹری تھے۔ بیشمار طلباء و طالبات ان کے شاگرد جہاں انکی اچانک وفات پر رنجیدہ ہیں وہیں ان کے بڑے بھائی سنیئر صحافی جنید آفتاب و فیملی داغ مفارقت دینے پر سوگوار ہیں۔ دوسری جانب سیالکوٹ پریس کلب رجسٹرڈ کے صحافیوں کیجانب سے جنید آفتاب کیساتھ اظہار تعزیت اور دکھ کی اس گھڑی میں انکے ساتھ کھڑے ہونے کا عندیہ دیا گیا۔

اسرائیلی ظلم و بربریت کی بھرپور مذمت کرتے ہیں: خواجہ عامر جاوید

نہتے فلسطینیوں کی شہادتوں پر دل مغموم و ملول ہیں۔ سید عارف حسین شاہ



سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) اسرائیلی بمبارمنٹ میں نہتے فلسطینیوں معصوم بچوں وخواتین و بزرگوں کی پچاس ہزار سے زائد شہادتوں کی شدید مذمت کرتے ہیں اور اس سب کے ذمہ دار اسی وحشی دہشتگرد جرائم کے مرتکب ظالم و سفاک اسرائیلی صدر کے بہیمانہ اقدام کی پرزور الفاظ میں مذمت کرتے ہیں۔ ان باتوں کا اظہار سنیئر صحافی و اینکر پرسن خواجہ عامر جاوید اور سرپرست اعلیٰ کھروٹ پریس کلب سید عارف حسین شاہ و شرکاء صحافیوں نے اپنے مشترکہ مذمتی بیان میں کیا۔ انہوں نے کہا کہ معصوم فلسطینی شہریوں و بچوں کی شہادتوں پر گھڑیالی آنسو بہانے والے ممالک کی ایٹمی ہتھیاروں سے لیس اسرائیل کی بے گناہ فلسطینیوں پر بمباری و بربریت کے نتیجے میں غزہ میں ہوئیں ایک کم و بیش 60 ہزار معصوم فلسطینی بچوں خواتین مردوں بوڑھوں کی بہیمانہ شہادتوں پر دل گرفتہ و سخت کرب میں مبتلا ہیں۔ اسرائیلی صدر نے اقوام متحدہ اور او آئی سی سمیت مسلم امہ و دیگر ممالک کی ایٹمی کے باوجود غزہ کی تباہی تہیں روئی اور غزہ کو آگ و بارود کے ڈھیر میں تبدیل کر کے فلاکتوں کی انگنت تاریخ رقم کر دی ہے اسرائیل نے غزہ میں زخمیوں کو علاج معالجہ دینے کے لیے قریبی ہسپتال الشفاء کے ڈاکٹرز کو بھی نہیں بخشا۔ اسرائیلی بمباری و بربریت کے نتیجے میں غزہ میں ہوئیں ایک کم و بیش 60 ہزار معصوم فلسطینی بچوں خواتین مردوں بوڑھوں کی بہیمانہ شہادتوں پر دل گرفتہ و سخت کرب میں مبتلا ہیں۔ اسرائیلی صدر نے اقوام متحدہ،

DAILY QUWAT
ایڈیٹوریل
quwateditorial786@gmail.com
نوٹ: ادارہ تمام کالم نیک نیتی کی بنیاد پر شائع کرتا ہے لہٰذا کسی بھی کالم نگار کی رائے سے ادارے کا متفق ہونا ضروری نہیں

ایران امریکہ مذاکرات کا مثبت آغاز

آٹھ سال کے وقفہ کے بعد امریکہ اور ایران کے درمیان بات چیت کا آغاز ہوا ہے تا کہ ایران کے جوہری پروگرام پر پابندی کے حوالے سے کسی نتیجہ پر پہنچا جا سکے۔ امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے گزشتہ ماہ متحدہ عرب امارات کے ذریعے ایران کے سپریم لیڈر آیت اللہ خامنہ ای کو ایک خط میں مذاکرات کی دعوت دی تھی تا کہ دونوں ملکوں کے درمیان تنازعہ ختم ہو سکے۔ ایران نے اس خط کے جواب میں بالواسطہ مذاکرات کی دعوت قبول کی تھی۔ آج عمان میں عمانی حکومت کے توسط سے ہونے والے مذاکرات کے بارے میں امریکہ اور ایران کا موقف مختلف ہے۔ امریکہ اسے ایران کے ساتھ براہ راست بات چیت قرار دے رہا ہے لیکن ایران کا دعویٰ ہے کہ بات چیت عمان کی معاونت سے بالواسطہ طور سے ہوئی ہے۔ آج سہ پہر ہونے والے مذاکرات اڑھائی گھنٹے تک جاری رہے اور میڈیا رپورٹس کے مطابق دونوں ملکوں کے وفود علیحدہ کمروں میں بیٹھے تھے جبکہ عمان کے اہلکاروں کے ذریعے خیالات وتجاویز کا تبادلہ ہو رہا تھا۔ تاہم ایرانی وزیر خارجہ عباس عراقچی نے بتایا کہ مذاکرات کے اختتام پر دونوں ملکوں کے وفود نے عمانی حکام کی موجودگی میں مختصر براہ راست بات چیت کی۔ ایرانی نیوز ایجنسی ارنا نے اس بارے میں بتایا کہ ایران کے وزیرِ خارجہ عباس عراقچی اور امریکی صدر کے خصوصی ایلچی برائے مشرقِ وسطیٰ سٹیو وٹکوف نے باہمی احترام پر مبنی تعمیری ماحول میں اپنی اپنی حکومتوں کے موقف اور دیگر معاملات پر تبادلہ خیال کیا۔ گو کہ یہ بات بچگانہ لگتی ہے کہ ایران، امریکہ کے ساتھ بات چیت پر راضی بھی ہے

لیکن وہ براہ راست بات چیت سے انکار بھی کر رہا ہے۔ البتہ دونوں ملکوں کے درمیان بات چیت کا آغاز اور اس بارے میں احترام کا رویہ اختیار کرنے کی خبروں سے یہ امید کی جا سکتی ہے کہ یہ بات چیت کامیاب ہوگی اور مشرق وسطیٰ میں ایک نئی جنگ کے اندیشوں کو ٹالا جا سکے گا۔ عمان کے وزیر خارجہ بدر البوسعیدی نے ایکس پر جاری اپنے ایک بیان میں کہا کہ 'مجھے یہ اعلان کرتے ہوئے فخر محسوس ہو رہا ہے کہ آج ہم نے مسقط میں ایرانی وزیر خارجہ ڈاکٹر سید عباس عراقچی اور امریکی صدارتی ایلچی سٹیو وٹکوف کی میزبانی کی اور ایک ایسے مکالمے اور مذاکرات کے عمل کا آغاز کرایا جس کا مشترکہ مقصد ایک منصفانہ اور لازمی معاہدے تک پہنچنا ہے۔ میں اپنے دونوں ساتھیوں کا شکریہ ادا کرتا ہوں جنہوں نے دوستانہ ماحول میں اس عمل میں شرکت کی'۔ ایرانی وفد کے ذرائع نے میڈیا کو بتایا کہ 'ہمارا صرف ایک ہدف ہے، اور وہ ہے ایران کے قومی مفادات کا تحفظ۔ ہم سفارت کاری کو ایک سنجیدہ اور مخلص موقع دے رہے ہیں تا کہ بات چیت کے ذریعے ہم جوہری مسئلے پر آگے بڑھ سکیں اور سب سے اہم بات یہ کہ پابندیاں ختم ہوں۔ یہ تو صرف آغاز ہے۔ اس مرحلے پر دونوں فریق عمانی ثالث کے ذریعے اپنے بنیادی موقف پیش کریں گے۔ اس لیے ہمیں توقع نہیں کہ یہ دور طویل ہوگا'۔ وزیر خارجہ عباس عراقچی نے ایرانی صحافیوں سے گفتگو میں کہا کہ 'اگر دونوں فریقوں میں کافی سیاسی ارادہ ہوا تو ہم کسی نظام الاوقات پر فیصلہ کر سکتے ہیں۔ لیکن فی الحال اس پر بات کرنا قبل از وقت ہے۔ ابھی تک یہ بالواسطہ مذاکرات ہیں۔ ہمارے خیال میں یہ صرف جوہری مسئلے پر ہیں، جن کا مقصد ایک ایسا معاہدہ حاصل کرنا ہے جو برابری کی بنیاد پر ہو اور ایرانی عوام کے قومی مفادات کو تحفظ فراہم کرے'۔ امریکی حکام نے فوری طور پر مذاکرات میں ہونے والی پیش رفت کے بارے میں کوئی تبصرہ نہیں کیا اور نہ ہی ایرانی رپورٹس پر تبصرہ کیا ہے۔ البتہ اس سے یہ اندازہ کیا جا سکتا ہے کہ بات چیت بامقصد اور خوشگوار ماحول میں ہوئی ہے۔

سرحدی باڑ اور کشمیر کاز کے لیے پاکستان کی سرپرستی میں متحد ہونے کی ضرورت

اگرچہ ہندوستان اور پاکستان دونوں تنازعہ کشمیر پر مخالف نظریات رکھتے ہیں، لیکن وقت کے ساتھ ان کے متعلقہ نقطہ نظر ڈرامائی طور پر مختلف ثابت ہوئے ہیں۔ ہندوستان کی طرف سے اس مسئلے سے نمٹنے میں کئی ایسے اقدامات اور پالیسیاں آئی ہیں جنہوں نے نہ صرف بین الاقوامی اصولوں اور انسانی حقوق کے کنونشوں کی خلاف ورزی کی ہے بلکہ کشمیری عوام کے مصائب کو بھی بڑھا دیا ہے۔ بڑی حد تک سیاسی اور علاقائی مفادات کی وجہ سے، ہندوستان کی طرف سے کشمیریوں کی جائز شکایات کو دور کرنے میں ہچکچاہٹ نے بحران کو گہرا کر دیا ہے اور تنازعہ کو طویل کر دیا ہے۔

مقبوضہ کشمیر دنیا کے سب سے زیادہ عسکری علاقوں میں سے ایک بن گیا ہے، جہاں 1947 سے لاکھوں فوجی تعینات ہیں۔ اس فوجی موجودگی کی وجہ سے انسانی حقوق کی خلاف ورزیوں کی متعدد اطلاعات موصول ہوئی ہیں، جن میں ماورائے عدالت قتل، جبری گمشدگیاں، تشدد اور شہریوں اور پرامن مظاہرین کے خلاف ضرورت سے زیادہ طاقت کا استعمال شامل ہیں۔ ہندوستان کی سلامتی پالیسی کا ایک خاص طور پر متنازعہ عنصر آرمڈ فورسز اسپیشل پاورز ایکٹ (اے ایف ایس پی اے) ہے جو فوج کو وسیع اختیارات دیتا ہے، جس میں تقریباً مکمل استثنیٰ کے ساتھ گرفتاری یا قتل کرنے کا اختیار بھی شامل ہے۔ 1990 کی دہائی کے اوائل میں نافذ کیے گئے اے ایف ایس پی اے نے منظم بدسلوکیوں کو فعال کیا ہے اور اکثر متاثرین کے لیے جوابدہی یا سہارے کی گنجائش معدوم کر دی ہے۔

اس کے برعکس پاکستان نے مسئلہ کشمیر پر ایک اصولی اور پرامن موقف برقرار رکھا ہے اور مسلسل سفارت کاری، مکالمے اور بین الاقوامی قانون کی پاسداری کی وکالت کی ہے۔ پاکستان کا موقف کشمیری عوام کے حق خود ارادیت کی حمایت کرنے اور ایک پرامن، گفت وشنید کے حل کا مطالبہ کرنے پر مرکوز ہے جو ان کی خواہشات کے مطابق ہو۔

مزید برآں، پاکستان نے مقبوضہ کشمیر میں انسانی حقوق کی جاری خلاف ورزیوں کی طرف مسلسل بین الاقوامی توجہ مبذول کرائی ہے۔ اس نے ایمنسٹی انٹرنیشنل، ہیومن رائٹس واچ اور دیگر تنظیموں پر زور دیا ہے کہ وہ خطے میں ہونے والی بدسلوکیوں کی تحقیقات کریں اور انہیں رپورٹ کریں۔ ان خلاف ورزیوں پر روشنی ڈال کر پاکستان اس بات کو یقینی بنانا چاہتا ہے کہ عالمی برادری نہ تو کشمیریوں کے مصائب کو نظر انداز کرے اور نہ ہی انہیں بھولے۔

لائن آف کنٹرول (ایل او سی) تنازعہ کشمیر میں ایک اہم فلیش پوائنٹ ہے، جو آزاد جموں وکشمیر اور مقبوضہ کشمیر کے درمیان ڈی فیکٹو سرحد کے طور پر کام کرتی ہے۔ اگرچہ یہ دونوں فریقوں کے درمیان فوجی تقسیم کی نشاندہی کرتی ہے، لیکن اسے بین الاقوامی سرحد کے طور پر تسلیم نہیں کیا جاتا ہے۔ ایل او سی جموں وکشمیر کی غیر حل شدہ حیثیت کی پیداوار ہے اور جاری تنازعہ کی علامت بنی ہوئی ہے۔



حرف رواں
تحریر
ڈاکٹر محمد عمران

ایل او سی کا ایک قابل ذکر پہلو پاکستان کا باڑ یا رکاوٹوں سے اسے مضبوط نہ کرنے کا فیصلہ ہے جو ہندوستان کے بالکل برعکس ہے، جس نے سرحد کے اپنے حصے کو بہت زیادہ عسکری اور جسمانی طور پر مضبوط کیا ہے۔ ایل او سی کو بغیر باڑ کے چھوڑنے کا پاکستان کا فیصلہ سلامتی کے خدشات کی عدم موجودگی کی عکاسی نہیں کرتا، بلکہ بین الاقوامی قانون، کشمیر سے متعلق اقوام متحدہ کی قراردادوں اور تنازعہ کے پرامن اور منصفانہ حل کے عزم پر مبنی ایک اصولی موقف کی عکاسی کرتا ہے۔

لائن آف کنٹرول باضابطہ طور پر 1972 کے شملہ معاہدے کے بعد قائم کی گئی تھی، جس پر 1971 کی جنگ کے بعد ہندوستان اور پاکستان نے دستخط کیے تھے جس کی وجہ سے بنگلہ دیش کی تشکیل ہوئی تھی۔ اس معاہدے نے ایل او سی کو تنازعہ کشمیر کے حتمی حل تک عارضی انتظام کے طور پر نامزد کیا۔ دونوں فریقوں نے خطے کی حیثیت کو یکطرفہ طور پر یا طاقت کے ذریعے تبدیل نہ کرنے پر اتفاق کیا، یہ تسلیم کرتے ہوئے کہ مسئلہ حل نہیں ہوا ہے۔ اس کے بعد سے ایل او سی نے آزاد کشمیر اور مقبوضہ کشمیر کو الگ کرنے والی موثر اور غیر سرکاری لائن کے طور پر کام کیا ہے، جو پائیدار تنازعہ اور سفارتی تصفیے کی مسلسل امید کی علامت ہے۔ لائن آف کنٹرول (ایل او سی) پر باڑ نہ لگانے کا پاکستان کا فیصلہ ہندوستان کے نقطہ نظر سے واضح طور پر متصادم ہے، جس میں اس کی طرف سرحد پر وسیع قلعہ بندی اور حفاظتی اقدامات شامل ہیں۔ یہ فرق تنازعہ کشمیر پر پاکستان کے موقف کی بنیاد کی عکاسی کرتا ہے۔ یعنی یہ تسلیم کرنا کہ جموں و کشمیر ایک متنازعہ علاقہ ہے جس کی حیثیت ابھی تک حل نہیں ہوئی ہے۔

تنازعہ کشمیر کی جڑیں 1947 میں برطانوی ہندوستان کی تقسیم سے ملتی ہیں، جب جموں وکشمیر کی شاہی ریاست، مسلم اکثریتی آبادی کے باوجود ہندوستان میں شامل کر دی گئی تھی۔ ہندو مہاراجہ کی طرف سے اکثریتی آبادی اور پڑوسی مسلم علاقوں کی مرضی کے خلاف کیے گئے اس فیصلے نے سخت مخالفت کو جنم دیا اور یہ 1947-1948 میں ہندوستان اور پاکستان کے درمیان پہلی جنگ کا باعث بنا۔ یہ تنازعہ اقوام متحدہ کی ثالثی میں جنگ بندی کے ساتھ اختتام پذیر ہوا، جس نے خطے کو تقسیم کر دیا اور تنازعہ تا حال حل نہیں ہوا۔ اپنے آغاز سے ہی تنازعہ کشمیر ہندوستان اور پاکستان کے درمیان دوطرفہ تعلقات میں ایک مرکزی مسئلہ رہا ہے۔ خطے کی حتمی حیثیت ابھی تک حل نہیں ہوئی ہے، دونوں ممالک اس کی مکمل حیثیت پر دعوی کرتے ہیں۔ پاکستان نے مسلسل کہا ہے کہ جموں و کشمیر ایک متنازعہ علاقہ ہے اور اس کے مستقبل کا تعین اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کی قراردادوں کے مطابق کشمیر کی عوام کو کرنا چاہیے۔ سب سے اہم قرارداد 47 (1948) ہے، جس میں واضح طور پر جموں وکشمیر کے لوگوں کو یہ فیصلہ کرنے کی اجازت دینے کے لیے رائے شماری کا مطالبہ کیا گیا ہے کہ آیا وہ ہندوستان یا پاکستان میں شامل ہوں۔

پاکستان کا موقف بین الاقوامی سطح پر تسلیم شدہ خود ارادیت کے اصول پر مضبوطی سے مبنی ہے، جو اقوام متحدہ کے چارٹر اور انسانی حقوق کے دیگر عالمی آلات میں درج ہے۔ اس اصول کے مطابق، تمام لوگوں کو آزادانہ طور پر اپنی سیاسی حیثیت کا تعین کرنے اور اپنی معاشی، سماجی اور ثقافتی ترقی کو آگے بڑھانے کا حق حاصل ہے۔ پاکستان کا ماننا ہے کہ اپنی منفرد تاریخی، ثقافتی اور آبادیاتی شناخت کو دیکھتے ہوئے کشمیری عوام کو جبر یا بیرونی دباؤ سے پاک اس حق کو استعمال کرنے کا موقع دیا جانا چاہیے۔



سرخروئی

میں مفلس کا لہو ہوں۔
میری قیمت نہ پوچھو
اچھالا جا رہا ہے
مجھے فنکاریوں سے
کبھی روٹی کا جھانسہ
کبھی فکر مکاں سے
کبھی دہشت کدے سے
ہر اک لحہ ہر اک دم
میں خود اپنی ہی حدت
رگ جاں میں سمو کر
خود اپنی سرخروئی
جواں رکھے ہوئے ہوں
وگرنہ ہم نفس ہی
کئی اغراضِ لے کر
مرا ہر ایک قطرہ
بہانہ در بہانہ
بہانے کے ہیں در پے
(سید محسن شاہد لاہور)

قد آور شخصیت

سیدہ فرحانہ مسرور کا نام پاکستان میں سماجی خدمات، میچ میکنگ اور میرج کونسلنگ کے شعبے میں ایک معتبر اور محترم شخصیت کے طور پر جانا جاتا ہے۔ کراچی سے تعلق رکھنے والی یہ سید زادی خاتون عرصہ دراز سے معاشرے کی بہتری اور خاندانی نظام کی مضبوطی کے لیے انتھک محنت کر رہی ہیں۔ ان کی خدمات نہ صرف کراچی بلکہ پورے پاکستان میں سراہی جاتی ہیں، خاص طور پر شادی کے مقدس رشتے کو جوڑنے اور اس سے متعلقہ مسائل کے حل کے لیے ان کی کاوشیں قابل تحسین ہیں۔ فرحانہ مسرور کو میرج بیورو کے شعبے میں ایک مستند اور ہر دلعزیز شخصیت سمجھا جاتا ہے۔ وہ "پاک میرج بیورو" کی وائس چیئر پرسن ہیں، جو میچ میکرز کی پہلی باقاعدہ تنظیم ہے۔ اس کے ذریعے انہوں نے نہ صرف ہزاروں رشتوں کو کامیابی سے منسلک کیا ہے بلکہ میچ میکرز کے پیشہ ورانہ مسائل کو حل کرنے میں بھی اہم کردار ادا کیا ہے۔ ان کا طریقہ کار محنت، ایمانداری اور خلوص پر مبنی ہے، جس کی وجہ سے معاشرے کے تمام طبقات میں انہیں اعتماد اور احترام کی نگاہ سے دیکھا جاتا ہے۔ ان کی سماجی خدمات کا دائرہ صرف میچ میکنگ تک محدود نہیں۔ وہ این جی او "نجم النساء میموریل ویلفیئر آرگنائزیشن" کی بانی بھی ہیں، جس کے تحت وہ معاشرتی فلاح و بہبود کے متعدد منصوبوں پر کام کر رہی ہیں۔ خاص طور پر بیوہ، یتیم اور غریب بچیوں کی مدد ان کے کام کا اہم حصہ ہے۔ وہ نہ صرف ان کے رشتوں کا بندوبست کرتی ہیں بلکہ جہیز کا انتظام بھی کرتی ہیں تا کہ مالی مشکلات کسی کی شادی میں رکاوٹ نہ بنیں۔ اس کے علاوہ، مند خواتین کو مفت میں سلائی کڑھائی کی تربیت دی جاتی ہے تا کہ وہ اپنے پیروں پر کھڑی ہو سکیں اور روزگار حاصل کر سکیں۔ فرحانہ مسرور کا وژن ایک ایسے معاشرے کی تشکیل ہے جہاں شادی کا بندھن سنجیدگی، رواداری اور باہمی افہام وتفہیم کے ساتھ استوار کیا جائے۔ وہ نوجوانوں اور خاندانوں کو شادی سے متعلقہ مسائل پر رہنمائی فراہم کرتی ہیں اور انہیں درپیش تنازعات کو پرامن طریقے سے حل کرنے میں مدد دیتی ہیں۔ ان کی کونسلنگ کا انداز نرم اور دوستانہ ہوتا ہے، جس کی وجہ سے لوگ ان پر مکمل بھروسہ کرتے ہیں۔ ان کی کوششیں صرف پاکستان تک محدود نہیں بلکہ بیرون ملک مقیم پاکستانیوں میں بھی ان کی خدمات کو قدر کی نگاہ سے دیکھا جاتا ہے۔ انہوں نے سماجی تبدیلی لانے اور خاندانی نظام کو مستحکم بنانے میں اہم کردار ادا کیا ہے۔ فرحانہ مسرور کا نام میرج کونسلنگ اور رشتہ سازی کے شعبے میں ایک روشن ستارے کی مانند ہے، جو ہمیشہ دوسروں کی خوشیوں کو پروان چڑھانے کے لیے کوشاں رہتی ہیں۔ ان کی لگن، ہمدردی اور خدمت خلق کا جذبہ انہیں معاشرے میں ایک ممتاز مقام عطا کرتا ہے۔

تکیہ کلام



اظہر اقبال مغل
iazhar977@gmail.com

دعوتِ اسلامی غزہ متاثرین کی مسیحا

دعوت اسلامی ہر نئے آنے والے دن کے ساتھ مزید اپنے عروج کے زینے طے کرتی جا رہی ہے مگر کچھ یتیم العلم وعقل لوگ اپنے بغض وحسد کی وجہ سے سوشل میڈیا پر دعوت اسلامی پر تنقید اور الزامات کی بوچھاڑ کرتے نظر آتے ہیں، اگر وہ اپنی بغض و حسد کی عینک کو اتار کر دیکھیں تو انہیں معلوم ہو کہ جس طرح آسماں پر نکلا ہوا سورج اپنی کرنوں سے پوری دنیا کو منور کر رہا ہوتا ہے اسی طرح دعوت اسلامی بھی اپنی دینی اور فلاحی خدمات سے پوری دنیا کو فیض یاب کر رہی ہے۔

اگر ہم بات کریں غزہ کی تو جب دنیا کے زیادہ تر لوگ غزہ پر ہونے والے اسرائیلی مظالم کے خلاف سوشل میڈیا پر آواز اٹھانے، ہیش ٹیگ کے ساتھ پوسٹیں لگانے، ریلیاں نکالنے، کانفرنسز کرنے یا پھر کچھ ٹی وی چینلز پر بیٹھ کر آواز اٹھانے یا مذمت کرنے تک ہی محدود رہے تو اس وقت دعوت اسلامی غزہ متاثرین کی مسیحا بن کے سامنے آئی اور خاموشی سے بڑے پیمانے پر غزہ کے متاثرین کے لیے امداد کا آغاز کر دیا۔

غزہ میں جنگ وخونریزی کی وجہ سے جہاں ایک طرف انسانی زندگی شدید مشکلات کا شکار ہے، وہیں دعوتِ اسلامی کی فلاحی سرگرمیاں وہاں کی عوام کے لیے ایک امید کی کرن ہیں۔ دعوتِ اسلامی جو ہمیشہ اپنے دینی خدمات کے لیے جانی جاتی ہے مگر اب جنگ زدہ غزہ کے متاثرین کے لیے اپنی فلاحی خدمات بھی پیش کر رہی ہے۔ جنگ کی وجہ سے غزہ میں خوراک کی کمی اور دیگر بنیادی ضروریات کی شدید قلت پیدا ہو چکی ہے۔ اس مایوس کن صورتحال میں دعوتِ اسلامی نے اس خطے میں اپنی فلاحی سرگرمیاں جاری رکھی ہوئیں ہیں۔

جنگ کی وجہ سے غزہ میں خوراک کی کمی اور دیگر بنیادی ضروریات کی شدید قلت پیدا ہو چکی ہے۔ اس مایوس کن صورتحال میں دعوتِ اسلامی نے اس خطے میں اپنی فلاحی سرگرمیاں جاری رکھی ہوئیں ہیں اس وقت دعوتِ اسلامی کی جانب سے غزہ کے متاثرین کی غذائی ضروریات کو پورا کرنے کے لیے ساڑھے 03 لاکھ سے زائد ہاٹ



نقطہ نظر
کالم نگار
محمد شہزاد بھٹی
shehzadbhatti323@gmail.com

میلز یعنی گرم کھانے کے پیکٹس، 01 لاکھ کلوگرام آٹا، 75 ہزار کے قریب بریڈ، 08 کنٹینر اناج، 70 ہزار فروٹ کے پیکٹس، 5 ہزار بسکٹیبل باسکٹ تقسیم کیں گئیں جن میں مختلف وبسکٹیبل تھیں۔ 05 ہزار سے زائد چھوٹے بچوں کے لیے دودھ کے پیکٹس اور ڈائپر، چھوٹے بچوں کے لیے 25 ہزار کیک تقسیم کیے گئے۔ دعوتِ اسلامی کی فلاحی سرگرمیاں صرف یہی تک محدود نہیں ہیں بلکہ اس میں دیگر اہم سہولتیں بھی شامل ہیں۔ جنگ زدہ علاقوں میں صاف پانی کا ملنا ایک انتہائی مشکل ہے لیکن دعوتِ اسلامی غزہ کے متاثرین کو اب تک 1.5 ملین لیٹر یعنی 51 لاکھ لیٹر پینے کا صاف پانی فراہم کر چکی ہے۔ غزہ میں موجود ہسپتالوں کی حالت بھی سنگین ہے اور علاج معالجے کی سہولتیں ناپید ہو چکی ہیں

جنگ کی وجہ سے غزہ میں خوراک کی کمی اور دیگر بنیادی ضروریات کی شدید قلت پیدا ہو چکی ہے۔ اس مایوس کن صورتحال میں دعوتِ اسلامی نے اس خطے میں اپنی فلاحی سرگرمیاں جاری رکھی ہوئیں ہیں، دعوتِ اسلامی نے طبی امداد فراہم کرنے کے لیے میڈیکل کیمپس قائم کر رکھے ہیں

جہاں ڈاکٹرز کی ٹیم متاثرین کا معائنہ کر رہی ہے اور ضروری ادویات فراہم کر رہی ہے، اب تک 01 ہزار فیملیز کو علاج معالجہ کی سہولتیں فراہم کی جا چکی ہیں مگر اب دعوت اسلامی نے فلسطین سے اردن آنے والے متاثرین کیلئے اردن بارڈر کے قریب ہسپتال بنانے کا اعلان کر دیا ہے۔

غزہ میں بے گھر افراد کی تعداد میں تیزی سے اضافہ ہوا ہے، اس لئے رہائش کا انتظام کرنا ایک سنگین چیلنج بن چکا ہے۔ دعوتِ اسلامی کی جانب سے 04 سو فیملیز کو رہائش کی ضرورت کو پورا کرنے کے لیے انہیں شیلٹرز یعنی خیمے فراہم کیے گئے ہیں یہاں وہ موسمی اثرات سے محفوظ رہ کر زندگی گزار سکتے ہیں۔ دعوت اسلامی نے 06 ہزار فیملیز کو کیش اسسٹنس سپلائی یعنی نقد کیش کی صورت میں مدد کی ہے۔

25 سو فیملیز کو سردیوں سے بچنے کا سامان دیا گیا۔ 15 سو بلینکٹس اور 01 ہزار میٹرس، 05 ہزار لیڈیز کے لیے ہائی جین کٹس اور 01 ہزار لیڈیز میں حجاب تقسیم کیے گئے۔

جنگ کی وجہ سے غزہ میں خوراک کی کمی اور دیگر بنیادی ضروریات کی شدید قلت پیدا ہو چکی ہے۔ اس مایوس کن صورتحال میں دعوتِ اسلامی نے اس خطے میں اپنی فلاحی سرگرمیاں جاری رکھی ہوئیں ہیں اس کے علاوہ دعوت اسلامی ملبہ ہٹانے کے کام میں بھی پیش پیش ہے، دعوتِ اسلامی کی یہ فلاحی خدمات جذبہ انسانی ہمدردی کے تحت پیش کی جا رہی ہیں اور ان کا مقصد انسانیت کی فلاح ہے، دعوتِ اسلامی کے زیر اہتمام یہ تمام فلاحی اقدامات اس بات کی عکاسی کرتے ہیں کہ دین اسلام صرف عبادات تک ہی محدود نہیں بلکہ انسانیت کی خدمت بھی اس کا حصہ ہے۔

کہ دین اسلام صرف عبادات تک ہی محدود نہیں بلکہ انسانیت کی خدمت بھی اس کا حصہ ہے۔ دعوتِ اسلامی کی فلاحی سرگرمیاں اس بات کی غمازی کرتیں ہیں کہ جب انسانیت کی بات ہو تو مذہب و ملت کی تفریق ختم ہو جاتی ہے۔

یاد رہے اس وقت غزہ میں موجود دعوت اسلامی کی مرکزی شوریٰ کے رکن الحاج مولانا عبدالحبیب عطاری وہ واحد پاکستانی ہیں جو مظلوم غزہ کے بھائیوں کے ساتھ اظہار یکجہتی و مدد کے لیے وہاں پاکستان کی نمائندگی کر رہے ہیں۔ اللہ کریم سے دعا ہے کہ مظلوم غزہ کے لوگوں کی غیبی مدد اور دعوت اسلامی کو مزید ترقی و بلندی عطا فرمائے۔ آمین

اعلانیہ، غیر اعلانیہ

OOO تاریخ بتاتی ہے پہلی جنگِ عظیم کے بعد جب یورپی فوجیں شام کے تاریخی شہر دمشق میں داخل ہوئیں تو جنرل ہنری گوروڈ خصوصی طور پر عظیم مسلم سپہ سالار سلطان صلاح الدین ایوبیؒ کے مزار پر گیا اور بڑے تکبر سے قبر کو زوردار ٹھوکر مار کر چیختے ہوئے دھاڑا We are here again۔۔ انگریز جتنی نفرت سلطان صلاح الدین ایوبیؒ اور ٹیپو سلطان سے کرتے ہیں شاید دنیا میں کسی اور سے نہیں کرتے ہوں۔ اس کا اظہار اکثر وبیشتر ہوتا رہتا ہے ان دونوں سلطانوں نے بھرپور عسکری وسائل کے باوجود انگریزوں کا سب غرور خاک میں ملا دیا تھا۔ مسلم خلافت کے خاتمہ کے ساتھ ہی سامراج اور مغربی استعمار نے صلیبی جنگوں کی عبرت ناک شکستوں کا بدلہ لینے کیلئے گٹھ جوڑ کر لیا اور عیسائیت کے بدترین دشمن یہودیوں اپنا ابدی دوست بنا کر عالمِ اسلام کے خلاف جن سازشوں، ریشہ دوانیوں کا سلسلہ شروع کیا تھا وہ تسلسل سے آج بھی جاری ہے اس کا خاص ہدف پاکستان ہے جس کی بہادر افواج سے ہندو، یہودی اور عیسائی اب بھی خوفزدہ رہتے ہیں ہیں۔ جب عیسائیوں نے اسپین پر دوبارہ قبضہ کیا تو مسلمانوں پر زندگی تنگ ہوگئی اسلام کے نام لینے والوں کے خون کی ندیاں بہادی گئیں مسلمانوں کی تعداد بہت زیادہ تھی اس لئے عیسائی قتلِ عام سے تھک گئے اس وقت کے صلیبی بادشاہ فرنڈینینڈ نے اعلان کیا کہ اسپین میں مسلمانوں کی جان و مال محفوظ نہیں اس لئے انہیں سمندر پار آباد کیا جائے گا جو مسلمان وہاں جانا چاہیں تیار ہو جائیں سینکڑوں مسلمان اپنے بیوی بچوں کے ہمراہ بحری جہاز میں سوار ہو گئے سمندر کے درمیان جا کر صلیبی بادشاہ فرنڈینینڈ کے گماشتوں نے بحری جہاز میں بارود کو آگ لگا دی اور خود لائف بوٹوں (حفاظتی کشتیوں) سے باحفاظت کنارے پر پہنچ گئے۔ بارود کو آگ لگی تو پورا جہاز غرق ہو گیا تو انہوں نے چلا چلا کر کہا صلیب کے محافظ جنگ ایسے بھی لڑ سکتے ہیں اور یہ جنگ آج بھی کسی نہ کسی شکل میں جاری ہے اور ہم مسلمان کسی نہ کسی انداز میں کبھی اس جنگ کا ایندھن بن رہے ہیں اور کبھی یہود ونصاریٰ کے ہاتھوں کی کٹھ پتلیاں بن کر ان کے اشاروں پر ناچنا فخر سمجھتے ہیں غور کیا جائے تو محسوس ہوگا اب صلیبی جنگ امریکہ، برطانیہ اور دیگر عیسائی ممالک میں نہیں عالم اسلام کے بڑے بڑے مراکز عراق، کشمیر، شام، فلسطین، افغانستان، پاکستان کے اندر لڑی جا رہی ہے اور کئی مسلم ممالک اس کی زد میں آنے والے ہیں۔ بیشتر مسلم ممالک میں سیاسی بے چینی، معاشی عدم استحکام، دھماکے، خودکش حملے، انتہا پسندی، اشرافیہ کا انتہائی طاقتور نیٹ ورک اور حکمرانوں کی ہر قیمت پر اقتدار میں رہنے کی خواہش نے انہیں اغیار کا دست نگر بنا کر رکھ دیا ہے۔ پاکستان میں تو اربوں ڈالر قرضے لینے کے باوجود عوام کی حالت بہتر ہوئی نہ ملک اقتصادی طور پر مضبوط بلکہ ملکی معیشت کی حالت دن بہ دن پتلی ہوتی جا رہی ہے۔ عراق، فلسطین، لیبیا، شام، افغانستان اور دیگر کئی مسلمان ملک اب اتنے کمزور کر دیئے گئے ہیں کہ اپنا دفاع کرنے کے بھی قابل نہیں رہے حتیٰ کہ مسلمانوں کا مرکز ومحور سعودی عرب بھی اپنی حفاظت کے لئے دوسروں کا محتاج ہے لیکن مسلمان حکمران خواب غفلت میں اتنے مدہوش ہیں کہ انہیں مستقبل کی کوئی فکر ہے نہ عوام کی خبر۔ تاریخ بتاتی ہے کہ 644ء میں امیر المومنین سیدنا عمر فاروق رضی اللہ عنہ کی حکومت تھی اس وقت عالمی طاقتیں مسلمانوں کی بڑھتی ہوئی قوت سے خوفزدہ تھیں ان دنوں قصرِ روم نے حالات کا جائزہ لینے کیلئے ایک وفد مدینہ شریف بھیجا وہاں پہنچ کر انہوں نے پوچھا آپ کے شہنشاہِ معظم کا محل کہاں ہے؟۔۔ مدنی ریاست کے شہری شہنشاہ۔۔ معظم اور محل جیسے الفاظ سے جیسے نا آشنا تھے۔ ایک صحابیؓ نے کہا آپ نے کس سے ملنا ہے؟۔ مسلمانوں کے بادشاہ سے نووارد نے جواب دیا ''مسلمانوں کا کوئی بادشاہ نہیں ہوتا۔ انہوں نے جواباً کہا ہمارے خلیفہ عمر فاروق ہیں جن کے پاس ریاست کے تمام انتظامی امور ہیں وہ مشاورت سے فیصلہ کرتے ہیں۔۔ وہ محل میں نہیں رہتے ان کا تو چھوٹا سا مکان ہے''

''ہم نے انہیں سے ملنا ہے رومی وفد نے کہا ''آپ انہیں مسجد نبوی ﷺ دیکھ لیں یا پھر وہ کہیں کسی درخت کے نیچے آرام کر رہے ہوں گے

''مسلمانوں کا خلیفہ کسی درخت کے نیچے آرام۔ رومی وفد پر حیرت اور تجسس غالب آ گیا۔ وہ آپؓ کی تلاش میں چل پڑے کچھ ہی دور دیکھا عمرؓ فاروق ایک درخت کے سائے میں سر کے نیچے اینٹ رکھ کر بے خوف و خطر سو رہے ہیں۔

سکردو گلگت بلتستان دلفریب نظاروں کا سفر



نوائے عامر
kh.amirjaved@gmail.com
0333-8604509
خواجہ عامر جاوید

سکردو گلگت بلتستان کے ایک شہر کا نام ہے لیکن مقامی سیاحتی انڈسٹری میں سکردو سے مراد بلتستان کے چار اضلاع اور ضلع استور کو شامل کیا جاتا ہے۔ گلگت بلتستان جانے والے سیاح یا تو ہنزہ کا رخ کرتے ہیں یا سکردو کا۔ اسی لئے گلگت بلتستان ٹور کو دو حصوں میں تقسیم کیا جاتا ہے 1 سکردو ٹور 2 ہنزہ ٹور ہنزہ ٹور جگلوٹ سے شروع ہو کر خنجراب ٹاپ پر ختم ہو جاتا ہے جبکہ سکردو ٹور جگلوٹ سے شروع ہو کر ایک طرف کے ٹو دوسری طرف سیاچن اور تیسری طرف دیوسائی سے ہوتا ہوا منی مرگ پر ختم ہو جاتا ہے۔ اگر جہاز کے ذریعے سکردو کا سفر کریں تو سکردو شہر سے تمام سیاحتی مقامات تک جانے کے لیئے ہر قسم کی گاڑیاں مل جاتی ہے۔ بائی روڈ سکردو کا سفر شاہراہ بابوسر اور قراقرم ہائی کے بعد جگلوٹ سے شروع ہوتا ہے۔ جگلوٹ سے سکردو تک بہترین سڑک بن گئی ہے نئے شاہراہ کا نام جگلوٹ سکردو روڈ سے بدل کر شاہراہ بلتستان رکھ دیا ہے۔ استور، گانچھے (وادی خپلو)، کھرمنگ اور شگر جانے کیلئے بھی سکردو سے روٹ لے سکتے ہیں۔ سکردو ٹور میں درج ذیل سیاحتی مقامات شامل ہیں۔ 1 ضلع سکردو۔ ضلع سکردو روندو وادی سے شروع ہوتا ہے اور سرسک کے مقام پر ختم ہو جاتا ہے۔ سکردو شہر گلگت بلتستان کا سب سے بڑا شہر ہے اس شہر میں گلگت بلتستان کے ہر ضلع سے بغرض روزگار لوگ آباد ہیں۔ اس شہر میں شیعہ، نوربخشی، سنی، اسماعیلی، اہل حدیث ہر فرقے کے لوگ پرامن زندگی بسر کرتے ہیں۔ سکردو اس پورے علاقے کا تجارتی مرکز بھی ہے۔ سکردو میں گلگت بلتستان کا واحد انٹرنیشنل ایئر پورٹ بھی موجود ہے۔ پاکستان انٹرنیشنل ایئر لائن روزانہ پروازیں اسلام آباد، لاہور اور کراچی سے چلاتی ہے۔ پچھلے سال سے سیالکوٹ فیصل آباد اور ملتان سے بھی پروازوں کا آغاز ہو چکا ہے۔ ڈسٹرکٹ سکردو کے سیاحتی مقامات دیوسائ؟ می نیشنل پارک کھرفوچو_ (تاریخی قلعہ شن

اشاعتِ خاص

روزنامہ قوت
چیف ایڈیٹر میاں محمد فیاض لاہور
ایڈیٹر امداد اللہ قریشی

دعا کی فضیلت

"اے محبوب! جب تم سے میرے پیارے بندے میرے متعلق پوچھیں تو فرما دو، کہ میں نزدیک ہی ہوں۔ پکارنیوالے کی پکار کا جب بھی وہ مجھے پکارتا ہے جواب دیتا ہوں انہیں بھی چاہیے کہ میری سنیں اور مجھ پر ایمان لائیں تاکہ ہدایت پا جائیں"

علامہ پیر محمد تبسم بشیر اویسی

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ، وَاِذَا سَئَالَكَ عِبَادِيْ عَنِّيْ فَاِنِّيْ قَرِيْبٌ" ط اُجِيْبُ دَعْوَةَ الدَّاعِ اِذَا دَعَانِ فَلْيَسْتَجِيْبُوْا لِيْ وَلْيُؤْمِنُوْا بِيْ لَعَلَّهُمْ يَرْشُدُوْنَ۔ "اے محبوب! جب تم سے میرے پیارے بندے میرے متعلق پوچھیں تو فرما دو۔ کہ میں نزدیک ہی ہوں۔ پکارنیوالے کی پکار کا جب بھی وہ مجھے پکارتا ہے جواب دیتا ہوں انہیں بھی چاہیے کہ میری سنیں اور مجھ پر ایمان لائیں تاکہ ہدایت پا جائیں۔"

شانِ نزول: اس آیت کریمہ کے شانِ نزول کے بارے میں بہت روایات ہیں جن میں سے ایک یہ ہے کہ بعض صحابہ نے جنابِ عشقِ الٰہی میں عرض کیا کہ بارگاہِ رسالت میں عرض کیا کہ ہمارا رب کہاں ہے؟ اور وہ کیسی پکار اور کس طرح کی فریاد سنتا ہے۔ آہستہ یا بلند آواز تب یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔

تفسیر: وَاِذَا سَئَالَكَ عِبَادِيْ عَنِّيْ۔

اگرچہ اس کا نزول خاص موقعہ پر ہوا مگر اس کی عبارت عام ہے یعنی جب بھی کسی زمانے میں کہیں کے مسلمان آپ سے میرا پتہ پوچھیں۔ "سَئَالَكَ" سوال ہے جو جنس کے معنی میں مانگنا۔ رب فرماتا ہے۔ وَاَمَّا السَّائِلَ فَلَا تَنْهَرْ۔ اور دوسری جگہ۔ رب فرماتا ہے۔ وَيَسْئَلُوْنَكَ عَنِ الْمَحِيْضِ۔

یہاں دونوں معنے بن سکتے ہیں۔ یعنی جب میرے بندے تجھ سے میری ذات وصفات وغیرہ کے متعلق پوچھیں یا جب تم سے میرا پتہ مانگیں۔ اس ایک لفظ سے معلوم ہوا کہ نبی کریم ﷺ اللہ تعالیٰ کا پتہ بتانے والے ہیں۔

الٰہی کی برأت چیز کا سامان محمد (ﷺ) ہیں

توحید کے مضمون کا عنوان محمد (ﷺ) ہیں

دیکھے صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین رب کا پتہ پوچھنے گئے کس کے پاس۔ حضور ﷺ کے پاس اور حضور ﷺ نے بھی یہ فرمایا کہ جہاں قیام رہتے وہاں میں۔ مجھے کیا پتہ کہ رب کہاں ہے بلکہ اس مولا کریم کا مجھ پتہ بتایا ہے۔ کیونکہ حضور ﷺ تو سارے عالم غیب کا پتہ بتانے والے تھے۔

چنانچہ ایک عورت نے جس کا بیٹا فوت ہو چکا تھا عرض کرتی ہے یا رسول اللہ ﷺ! میرا بیٹا کہاں ہے۔ اگر جنت میں ہے تو خیر اور اگر دوزخ میں ہو تو خوب روؤں۔ حضور ﷺ نے یہ نہ فرمایا کہ تجھے جنت و دوزخ کی کیا خبر۔ میں مدینے میں وہ مقام یہاں سے کروڑوں میل دور، اور نہ یہ فرمایا کہ اچھا جبرئیل علیہ السلام سے پوچھ کر بتا تا ہوں۔ بلکہ فوراً فرمایا کہ جنت کے آٹھ درجے ہیں۔ جن میں سب سے اونچا فردوس ہے۔ تیرا لڑکا فردوس میں ہے۔

فردوسِ موتیہ میں حضرت جعفر شہید ہوئے۔ مدینہ منورہ میں تشریف رکھتے ہوئے۔ حضور ﷺ نے ان کی شہادت کی خبر دی اور فرمایا کہ رب نے حضرت جعفر کو دو پر عطا فرمائے ہیں۔ جن سے وہ جنت میں اڑتے پھر رہے ہیں۔ اس دن سے ان کا لقب حضرت جعفر طیار ہوا۔ ان واقعات سے پتہ لگا کہ دونوں جہان حضور ﷺ کی نظر میں ہیں۔

منیٰ۔ میں بہت سے احتمال ہو سکتے ہیں مگر یہاں قریب اور دعا ہونا مراد ہے۔ جیسا کہ اگلی آیت سے معلوم ہو رہا ہے۔ یعنی اے محبوب ﷺ جب لوگ میرے متعلق آپ سے پوچھیں۔ کہ ان سے دور ہوں یا نزدیک تو۔ فانی قریب۔ تو فرما قریب ہے۔

علما کرام فرماتے ہیں کہ یہاں قل پوشیدہ ہے یعنی ان سے فرما دو کہ میں نزدیک ہی ہوں

مگر صوفیاء کے مشروب میں قل پوشیدہ ماننے کی ضرورت نہیں۔ ان کے ہاں ترجمہ آیت کا یہ ہے کہ جب میرے بندے آپ کے پاس آئیں اور میرے بارے میں پوچھیں اور مجھے آپ کے زیادہ نزدیک دیکھیں اور مجھے آپ کے اگر آپ سے دور ہیں تو خواہ مخواہ لمبے سفروں میں ڈھونڈ کیا کیجیے میں ان سے دور ہی ہوں۔

عبادی۔ فرما کر اس طرف اشارہ کیا گیا۔ یعنی میری ہر قسم کی عبادت کرنے والے اور ہر طرح میں آگیا۔ سارے ذکر اذکار چھوڑ دیئے۔ حتیٰ کہ ایک دن نماز عشاء بھی نہ پڑھی۔ رب نے اپنے فرشتوں سے پوچھا کہ فلاں بندے کی نیکیاں آنا بند کیوں ہو گئیں۔ ملائکہ نے عرض کیا۔ شیطان نے اس کو پکا رکھا۔ عابد رات کو سویا، خواب میں رب تعالیٰ کی زیارت نصیب ہوئی۔ پوچھا میرے بندے! تو نے میری یاد کیوں چھوڑ دی، اس نے عرض کیا کہ اے مولا! تجھے پکارتے پکارتے میری عمر گزر گئی، مگر تیری طرف سے ایک بار بھی جواب میں لبیک نہ سنا۔

اللہ تعالیٰ نے فرمایا اے نافرمان تیرا منہ یاد کرنا ہی ہماری لبیک ہے اور تیرے دل میں سوز و گداز، درد کی کسک پیدا ہونا ہی ہمارا قاصد ہے، جو تجھے ہماری بارگاہ میں حاضر کرتا ہے جو سب سے بڑھ کر اس درجے میں "فانی قریب" کی ایسی جلوہ گری ہوتی ہے کہ سبحان اللہ۔

صوفیا فرماتے ہیں کہ اس آیت کریمہ میں اشارہ فرمایا کہ مجھے ڈھونڈنا ہے تو اپنے میں ڈھونڈو کیونکہ میں تم سے قریب ہی رہتا ہوں۔ دیکھو میں تم ہی میں بلوں گا۔ جس نے رب کو اپنے میں نہ ڈھونڈا ادھر اُدھر بھی بھاگا پھرا وہ کامیاب نہیں ہو سکتا۔

اللہ تعالیٰ خود فرماتا ہے



۔جیسے کہا جاتا ہے۔ علی پور چٹھہ وزیر آباد سے قریب ہے۔ قرب زمانی جیسے جمعرات جمعہ سے قریب ہے۔ قرب جنابی دل کے قریب ہونا ۔جیسے کہا جاتا ہے کہ آج کل پاکستان سے کامل ہو گیا۔ یعنی پاکستان کے تعلقات کامل سے اچھے ہیں۔

قرب درجہ۔ جیسے وزیر بادشاہ کے قریب ہے ۔یعنی مرتبے اور درجے میں ایسے قریب ہے اور قرب کرم و مہربانی۔ یہاں آخری قرب مراد ہے یعنی اللہ کا کرم۔ اللہ کی رحمت اسکی مہربانی ان بندوں سے قریب ہے۔ کیونکہ رب تعالیٰ مکانی اور زمانی قرب سے پاک ہے۔ اس لئے کہ وہ نہ کسی مکان میں ہے نہ زمانے میں۔ جب مکان اور زمان ہی نہ تھے تبھی وہ تھا اور جب یہ سب کچھ فنا ہو جائے گا تب بھی وہ رہے گا۔

اس آیت کریمہ کی تفسیر وہ آیت ہے: اِنَّ رَحْمَتَ اللّٰهِ قَرِيْبٌ "بیشک اللہ کی رحمت نیک کاروں کے قریب ہے۔" اس آیت نے بتا دیا کہ ان بھیجی آیتوں میں قرب ربی سے مراد رحمت کا قرب ہے نہ مکانی زمانی۔

رزاقیت ہر بندے سے قریب ہے اس کے متعلق ارشاد ہوا۔ وَعِنْدَهٗ مَفَاتِحُ الْغَيْبِ۔ "تم جہاں بھی ہو وہ تمہارے ساتھ ہے۔" اور ارشاد ہوا۔ نَحْنُ اَقْرَبُ اِلَيْهِ مِنْ حَبْلِ الْوَرِيْدِ۔ "ہم بندے کی شہ رگ سے بھی زیادہ قریب ہیں۔ مگر تم دیکھتے نہیں۔"

یاد رہے کہ یوں تو اللہ تعالیٰ اپنے نیک بندوں سے ہر وقت ہی قریب رہتا ہے۔ مگر چند وقتوں میں خصوصیت سے بہت قریب ہوتا ہے۔ ایک تہجد کے وقت، جب بندہ اپنے گناہ اور اس کی رحمت کو یاد کر کے روتا ہے اور کہتا ہے کہ وہ کون سا گناہ ہے جو میں نے نہیں کیا اور وہ کون سا کرم ہے جو تو نے نہیں کیا۔ جس لائق میں تھا میں نے کر لیا اور جو تیری شان کے لائق ہے وہ تو کر۔ گناہ میں نے کر کے بخشش تو دے۔ درخت خاردار سے کانٹے ہی نکلتے ہیں اور درخت بار دار پھل ہی دیتا ہے۔ یہ آدم خوں کو بلا دیتی ہے۔

حدیث شریف میں ہے کہ وہ ذلل کے ذریعے بندہ رب سے اتنا قریب ہو جاتا ہے کہ بندے کے اعضاء میں روانی طاقتیں کام کرتی ہیں۔ مبارک ہیں وہ بندے جو رب سے قریب ہیں اور سعید ہیں، وہ ساعتیں جب میں بندہ رب سے قریب ہو۔ اس قرب کی دو قسمیں ہیں۔ ایک یہ کہ بندے کو گمسوں ہونے لگے کہ رب میرے ساتھ ہے اور دیکھ رہا ہے۔ اس تصور کا نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ بندہ گناہ کرنے پر دلیری نہیں کرتا اور دنیا کا کوئی حال بندے کو رب سے غافل نہیں کرتا۔ یہ بہت بڑا مقام ہے۔

دوسرا یہ کہ بندے کو اپنی معلوم ہوتا ہے کہ میں رب کو دیکھ رہا ہوں اس کا جمال میری آنکھوں کے سامنے ہے۔ اس کا نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ بندے کی آنکھیں تر رہتی ہیں۔ دل میں سوز گداز رہتا ہے، عبادتوں میں لذت آتی ہے۔ یہ قرب پہلے سے بلند و بالا ہے۔

حکایت: ایک شخص نے اپنی عمر کے اسی سال تقویٰ پرہیزگاری اور عبادتوں میں گزارے، جب زندگی ختم ہونے کا وقت آیا تو شیطان نے اُسے پکارا، انسانی شکل میں اس کے پاس آ کر کہنے لگا کہ تو ہر وقت کے پکارتا ہے وہ بولا اپنے رب کو۔ ابلیس نے کہا کہ اس عرصے میں رب نے تجھے پکارا یا پکار کے جواب میں لبیک فرمایا وہ بولا نہیں۔ شیطان بولا کہ تو بڑا پاگل ہے تو اسے کیوں پکارتا ہے جو تجھے جواب نہیں دیتا۔ کہ کبھی وہ چار بار خط لکھتے ہیں مگر اُدھر سے جواب نہ آئے خط بند کر دیئے جاتے ہیں۔ عابد اس کے بہکانے میں آ گیا۔ سارے ذکر اذکار چھوڑ دیئے۔ حتیٰ کہ ایک دن نماز عشاء بھی نہ پڑھی۔ رب نے اپنے فرشتوں سے پوچھا کہ فلاں بندے کی نیکیاں آنا بند کیوں ہو گئیں۔ ملائکہ نے عرض کیا شیطان نے اس کو پکا رکھا۔ عابد رات کو سویا، خواب میں رب تعالیٰ کی زیارت نصیب ہوئی۔ پوچھا میرے بندے! تو نے میری یاد کیوں چھوڑ دی، اس نے عرض کیا کہ اے مولا! تجھے پکارتے پکارتے میری عمر گزر گئی، مگر تیری طرف سے ایک بار بھی جواب میں لبیک نہ سنا۔

اللہ تعالیٰ نے فرمایا اے نافرمان تیرا منہ یاد کرنا ہی ہماری لبیک ہے اور تیرے دل میں سوز و گداز، درد کی کسک پیدا ہونا ہی ہمارا قاصد ہے، جو تجھے ہماری بارگاہ میں حاضر کرتا ہے یہ خوش کر اس درجے میں "فانی قریب" کی ایسی جلوہ گری ہوتی ہے کہ سبحان اللہ۔

صوفیا فرماتے ہیں کہ اس آیت کریمہ میں اشارہ فرمایا کہ مجھے ڈھونڈنا ہے تو اپنے میں ڈھونڈو کیونکہ میں تم سے قریب ہی رہتا ہوں۔ دیکھو میں تم ہی میں ملوں گا۔ جس نے رب کو اپنے میں نہ ڈھونڈا ادھر اُدھر بھی بھاگا پھرا وہ کامیاب نہیں ہو سکتا۔

اللہ تعالیٰ خود فرماتا ہے

۔وَفِيْ اَنْفُسِكُمْ اَفَلَا تُبْصِرُوْنَ۔ یہ آیت کریمہ گویا۔ فانی قریب۔ کی شرح ہے۔

اُجِيْبُ دَعْوَةَ الدَّاعِ۔ کے معنے ہیں "جواب دیتا ہوں" بعجت کے معنی پکارنا اور بلانا ہے۔

ترجمہ یہ ہوا کہ جب کوئی پکارنے والا مجھے پکارتا ہے یا بلاتا ہے میں فوراً اس کی پکار کے جواب میں لبیک فرماتا ہوں۔ اکیلے میں پکارتا ہے تو اس کا جواب اکیلے میں دیتا ہوں اور جماعت میں پکارتا ہے تو اس کا جواب جماعت میں فرشتوں کی جماعت میں دیتا ہوں۔ پھر جس ذوعیت سے مجھے پکارتا ہے اسی نوعیت سے میں اس سے جواب دیتا ہوں۔ بندہ کہتا ہے۔ یا رَبِّ اے میرے پالنے والے، میں جواب دیتا ہوں۔ یَا عَبْدِیْ۔ اے میرے پالے ہوئے۔

اگلی شرح میں وہ حدیث قدسی ہے کہ رب تعالیٰ فرماتا ہے کہ جب بندہ مجھے اپنے دل میں یاد کرتا ہے۔ میں بھی اسے دل میں یاد کرتا ہوں اور جب بندہ جماعت میں یاد کرتا ہے تو میں بندے کو اس سے بہتر جماعت میں یاد کرتا ہوں۔ مگر خیال رہے کہ اس صورت میں ۔الدار۔ میں اہل عبدی ہو گا۔ اور پکارنیوالے سے وہ پکار نیوالا مراد ہو گا جو مومن ہو مخلص ہو اور حضور ﷺ

دعا مانگنے سے گناہوں سے مغفرت اور اطاعت الٰہی کی رغبت پیدا ہوتی ہے کیونکہ جب ہر وقت رب سے مانگنا ہو تو اسے راضی رکھنے کی کوشش بھی کی جائیگی

اس کا اعلان کر دیا۔ انبیاء کرام کے ذریعے ہم سے کہلوا دیا یہ کافی ہے۔

جواب عاشقانہ یہ ہے کہ آواز کان سے ہی نہیں سنی جاتی اور نہ ہر چیز آنکھ سے دیکھی جاتی ہے ہم خواب میں بہت سی آوازیں سن بھی لیتے ہیں اور بہت سی چیزیں دیکھ لیتے ہیں۔ حالانکہ اس وقت ہم سنتے بھی ہیں دیکھ بھی رہے ہوتے ہیں۔ اس وقت دل پر ایک خاص کیفیت طاری ہوتی ہے وہ کیفیت ہی اس کا آواز کا سننا ہے۔ اس جملے کی دوسری تفسیر یہ ہے کہ قبول کرنا ہوں دعا کرنیوالے کی دعا۔ جب وہ مجھ سے دعا کرتا ہے۔ اس سے معلوم ہوا کہ دعا مانگنا بھی بڑی بہترین عبادت ہے۔ دعا کے متعلق تین چیزیں قابل غور ہیں۔ دعا کے فضائل، دعا کے مسائل، دعا پر سوال جواب۔

فضائل دعا: دعا کے فضائل بے شمار ہیں۔ جن میں سے چند یہاں ذکر کئے جاتے ہیں:

1۔ دعا مانگنا سنت انبیاء کرام ہے کہ از حضرت آدم علیہ السلام تا حضور محمد مصطفیٰ ﷺ سارے نبیوں نے بہت سی دعائیں مانگیں۔ جن پیغمبروں نے بعض اوقات دعا نہ مانگی اس میں خاص حکمت تھی وہ یہ کہ ان بزرگوں نے محسوس فرمایا کہ یہ رب کی طرف سے ہمارا امتحان ہے۔ ایمانہ ہو کہ رب کا وعدہ سچا ہے۔

میری امت کی دعائیں جنہیں قبول ہونی ہیں میں سمجھ گیا یقیناً یہی سمجھیں گی پھر کیا ہے دعا کہ قبول ہوتی ہے۔ بتھے کے دو خطبوں کے درمیان خطبے اور نماز کے بیچ میں۔ آفتاب ڈوبتے وقت ماہ رمضان میں سحری اور افطاری کے وقت، شب قدر میں تمام رات، روزانہ الفجرات یعنی تہجد کے وقت بہتر قرآن کے وقت آب زمزم پی کر۔

دعا کی قبولیت: چند مقامات پر دعا میں زیادہ قبول ہوتی ہیں۔ ماں باپ کی قبر کے پاس، کعبہ معظمہ میں رکن یمانی اور سنگ اسود کے درمیان، تسلیم کے پاس، حضور انور ﷺ کے روضہ پاک پر، بزرگان دین کے مزارات کے پاس۔ کیونکہ اللہ تعالیٰ نے نبی اسرائیل سے فرمایا تھا۔ اُدْخُلُوا الْبَابَ سُجَّدًا وَّقُوْلُوْا حِطَّةٌ"۔ دمشق کے دروازے میں سجدہ کرتے جاؤ اور وہاں سے جا کر دعا کرو بخش دیئے۔ وہاں کیوں بھیجا؟ اسلئے کہ وہاں مزارات انبیاء تھے۔

امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ کی قبر قبولیت دعا کے لئے تریاق ہے۔ زندہ اولیاء و علماء کی محفل پاک میں دعا بہت قبول ہوتی ہے۔

اللہ تعالیٰ قرآن کریم میں فرماتا ہے۔ ﴿كَذٰلِكَ فَعَلَ زَكَرِيَّا﴾۔ اسی جگہ جہاں حضرت مریم کے میوے کھلا رہی تھیں۔ زکریا علیہ السلام نے اپنے رب سے دعا کی ﴿هُنَالِكَ دَعَا زَكَرِيَّا رَبَّهٗ قَالَ رَبِّ هَبْ لِيْ مِنْ لَّدُنْكَ ذُرِّيَّةً طَيِّبَةً﴾ اسی جگہ دعا مانگی کہ اے میرے مولا! مجھے پاک اولاد عطا فرما۔ اس آیت کریمہ سے بتایا کہ نہ صرف یہ ہے کہ دعا کرنا سنت انبیاء ہے اس سے بھی زیادہ مہتم بالشان آیت ہے۔ ہو لہٗ اعلم

فَلْتَكُنْ اَوَّلُ تَبَسُّمِ جَانِفَكَ لِلْحَقِّ

اور یہ عقل میں بھی آتی ہے کہ بزرگوں کے آستانے پر دعا زیادہ قبول ہونی چاہیے کیونکہ بزرحمت الٰہی نہیں دیکھتی کہ آنے والا کیسا ہے بلکہ دیکھتی ہے کہ دروازے والا کیسا ہے۔

روزنامہ قوت لاہور

صنعت وتجارت نیوز

معیشت نامہ

شہریوں کو تفریح کی بہترین سہولیات فراہم کرنا حکومت کا مشن ہے: وفاقی وزیر ریلوے

ضلع جہلم میں مزید نئے پارکوں پر کام جاری ہے جن کو مکمل کر کے شہریوں کو خوبصورت پارک مہیا کریں گے

مسلم لیگ نون کی حکومت ہر شعبہ زندگی میں شہریوں کی سہولیات کے لیے مصروف عمل ہے

جہلم شہر میں پارکوں کی کمی کو دور کرنے کے لیے تحصیل جہلم میں الطاف پارک کی بحالی جبکہ کالا گجراں میں نئے پارک کی تعمیر کا کام بھی جاری ہے

جہلم (پیرو رپورٹ) چیئرمان ریلوے بورڈ اور ڈی جی ایم آپریشنز نارتھ کے ہمراہ جہلم کینٹ ریلوے سٹیشن کا دورہ کیا۔ وفاقی وزیر ریلوے کا جہلم پہنچنے پر ڈویژنل سپرنٹنڈنٹ ریلوے راولپنڈی ڈویژن عبدالرحمان، ڈویژنل انجینئر ریلوے راولپنڈی ڈویژن عبدالرحمان،

''قوت'' کلاسیفائیڈ

روزنامہ قوت

تمام اشتہارات نیک نیتی کے جذبہ سے شائع کئے جاتے ہیں کسی اشتہار کے غیر حقیقی ہونے کی صورت میں ادارہ کوئی ذمہ داری قبول نہیں کرتا ،اشتہارات صاف اور بڑے صفحہ پر ایک طرف لکھے ہوئے چاہئیں کٹے پھٹے اور مشکوک الفاظ والے اشتہارات غلط شائع ہونے کی شکایت قابل قبول نہ ہوگی۔

042-36360003

تبدیلی نام

جس نے اپنا نام ہازیہ پروین دختر محمد اصغر سے تبدیل کرکے دانیہ احمد رکھ لیا ہے لہذا بھے آئندہ میرے تبدیل کئے گئے نام دانیہ احمد کے نام اور کاپا جائے، نیز سرکاری و غیر سرکاری دستاویزات میں درستگی کرلی جائے۔

المشتہر: دانیہ احمد

شناختی کارڈ نمبر 35202-1428794-0

بقیہ جات 1

بچوں اور خواتین سمیت عام شہریوں کو بلاتخصیص شناخت بنایا جارہا ہے، اس کلچر کو ختم کیا جائے، ایسے افسران جو اس طرح کے کلچر کو فروغ دیتے ہیں ان کے خلاف سخت کارروائی کی جائے، ان خیالات کا اظہار وزیر قانون پنجاب رانا محمد اسلم خان ایڈووکیٹ نے ایڈووکیٹ ثاقب جاوید کی جانب سے ایڈووکیٹ ہائی کورٹ کے خلاف درج کیے گئے مقدمہ کے اندراج کے خلاف دائر درخواست کی سماعت کے دوران کیا۔ ایڈووکیٹ ثاقب جاوید کی درخواست پر ایڈووکیٹ ہائی کورٹ کے خلاف درج مقدمہ کے اندراج کے خلاف درخواست کی سماعت ہوئی

یواین ٹی لاہور کا 31 واں کانووکیشن 2 ہزار 676 طلبا میں اسناد تقسیم

ہسپتال لاوارث دیہی مراکز صحت کو آؤٹ سورس کرنا، چکومتی پالیسی اور نااہلی ہے، ضیاالدین انصاری

روان برس 1 ہزار 847 انڈر گریجویٹ، 764 ایم ایس/ایم فل اور 65 پی ایچ ڈی طلبا و طالبات سمیت 46 طلبا کو 71 گولڈ میڈلز سے بھی نوازا گیا

ٹھیکے پر چلنے والی حکومت تمام بنیادی عوامی ضروریات کو بھی ٹھیکے پر دینا چاہتی ہے، جماعت اسلامی لاہور گریڈ ہیلتھ الائنس پنجاب کے احتجاج کی مکمل حمایت کرتی ہے

ہماری آبادی کا 60 فیصد حصہ بوڑھے نہیں نوجوان ہیں، آپ ہماری امید ہیں، آپ ہی نے ملک کو بنانا ہے، ڈگریاں لینا اہم ہے، ریسرچ ورک کرنا بھی اہم ہے لیکن سب سے اہم آپ کا کردار ہے، گورنر پنجاب

یونیورسٹی کی تدریسی و تحقیقی میدان میں کامیابیوں کے ساتھ ساتھ مستقبل کی منصوبہ بندی اور اہداف بیان کیے۔ انہوں نے کہا کہ یو ایچ ای کے گریجویٹس پاکستان کا 18 فیصد ہیں، ملک کی (باقی صفحہ پر پیتہ نمبر 56)



یو ایچ ای کے 31 ویں کانووکیشن کے موقع پر گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر خان، وائس چانسلر ڈاکٹر شاہد منیر اور ڈین کمیٹی تحقیق ترانے کے احترام میں کھڑے ہیں

خلیل الرحمان قمر کیس، آمنہ عروج سمیت 3 ملزمان کو 7، 7 سال قید کی سزا

انسداد دہشت گردی عدالت نے دیگر ملزمان کو ناکافی شواہد کی بناء پر بری کر دیا

ملزمان کو بری کر دیا گیا۔ انسداد دہشت گردی عدالت کے جج ارشد جاوید نے مقدمے کا فیصلہ سناتے ہوئے ملزمان آمنہ عروج، ممنون حیدر اور زیشان کو 7، 7 سال قید کی سزا سنادی گئی جبکہ دیگر ملزمان طلب کرنے کے جرم میں (باقی صفحہ پر پیتہ نمبر 46)

لاہور (این این آئی) لاہور کی انسداد دہشت گردی عدالت نے معروف ڈرامہ رائٹر خلیل الرحمان قمر کیس کا فیصلہ سنادیا، ملزمہ آمنہ عروج، ممنون حیدر اور زیشان کو 14، 14 سال قید کی سزا سنائی گئی جبکہ دیگر

پونچھ میں بارودی سرنگ کے دھماکے میں بھارتی فوجی زخمی

معمول کی گشت کے دوران فوجی اہلکار نے غلطی سے بارودی سرنگ پر قدم رکھا جس سے دھماکہ ہوگیا

جموں (این این آئی) غیر قانونی طور پر بھارت کے زیر قبضہ جموں و کشمیر میں متنازع پونچھ کے علاقے میندھر میں بارودی سرنگ کے ایک دھماکے میں ایک بھارتی فوجی زخمی ہوگیا، گیمن میڈیا سروس کے مطابق حکام نے بتایا کہ میندھر کے بالاکوٹ سیکٹر میں معمول کی گشت کے دوران فوجی اہلکار نے غلطی سے بارودی سرنگ پر قدم رکھا جس سے دھماکہ ہوا۔ اس واقعے میں ساپنی دھوڑ کمار شدید زخمی (باقی صفحہ پر پیتہ نمبر 65)



میاں بالا: پہاڑوں کے درمیان بہتے دریائے جہلم کے پانی کے تیز بہاؤ کا منظر

ضلع ننکانہ کے نجی اداروں میں طلباو طالبات کا مستقبل تاریک ہوگیا

اخراجات کے نام پر ہزاروں روپیہ ماہانہ بٹورنے والے اسکول کاروبار کا اڈہ بن کر رہ گئے

نجی ہاسٹلیوں کا جیب خرچ جو صرف دس بیس روپیہ تک ہوتا ہے جرمانے کے نام پر چھین لیتے ہیں

ننکانہ صاحب (این این آئی) ضلع ننکانہ کے نجی اداروں میں طلباو طالبات کا مستقبل تاریک ہوگیا، اخراجات کے نام پر ہزاروں روپیہ ماہانہ بٹورنے والے اسکول کاروبار کا اڈہ بن کر رہ گئے۔ نجی تعلیم کے ذمہ داران پر سراسر طور پر خاموش، والدین بالکان، بھاری بھرکم بیگوں نے طلباو طالبات کی کمر توڑ کر رکھ دی۔ سرد رپورٹ کے مطابق ننکانہ کے نجی اداروں میں طلباو طالبات کا مستقبل تاریک ہوگیا، اخراجات کے نام پر ہزاروں روپیہ ماہانہ بٹورنے والے اسکول کاروبار کا اڈہ بن کر رہ گئے۔ نجی تعلیم کے ذمہ داران پر سراسر طور پر خاموش، والدین بالکان، بھاری بھرکم بیگوں نے طلباو طالبات کی کمر توڑ کر رکھ (باقی صفحہ پر پیتہ نمبر 55)

حکومت پنجاب نے عطیہ عنائیت مدنی کو اسسٹنٹ کمشنر ننکانہ صاحب تعینات کر دیا

نوتعینات اسسٹنٹ کمشنر نے اپنے عہدے کا چارج سنبھال کر کام کا آغاز کر دیا

ننکانہ صاحب (این این آئی) حکومت پنجاب نے عطیہ عنائیت مدنی کو اسسٹنٹ کمشنر ننکانہ صاحب تعینات کر دیا، نوتعینات اسسٹنٹ کمشنر ننکانہ صاحب شہزیب عطیہ عنائیت مدنی نے اپنے عہدے کا چارج سنبھال کر کام کا آغاز کر دیا ہے، عطیہ عنائیت مدنی اس سے پہلے اسسٹنٹ کمشنر ہیلتھ، پی ایڈ ڈی سی سمیت دیگر اہم عہدوں پر فائز رہ چکی ہیں، عطیہ عنائیت مدنی کا شمار پنجاب پنجسٹ (باقی صفحہ پر پیتہ نمبر 68)



کمالیہ: گورنمنٹ سپیشل ایجوکیشن سکول چاچاں والا میں رنگا رنگ "بنجابی ثقافتی دن" کے موقع پر بچوں کا اساتذہ اور سٹاف کے ہمراہ گروپ فوٹو

گرفتار ملزموں کی ویڈیو وائرل کرنے والے اہلکاروں کو توہین عدالت کے نوٹس

جگم پولیس اہلکاروں نے کیا یہ وہی کچھ ہی معاشرے سے قابل قبول نہیں جسٹس علی ضیا باجوہ

لاہور (این این آئی) لاہور ہائیکورٹ نے قصور ڈانس پارٹی سے گرفتار ملزموں کی ویڈیو بنانے اور وائرل کرنے پر پولیس اہلکاروں اور کانسٹیبل ندیم کو توہین عدالت کے نوٹس جاری کر دیے جبکہ عدالت نے قرار دیا کہ جو عام پولیس اہلکاروں نے کیا ہے وہ کیا کچھ ہی معاشرے میں قابل قبول نہیں جبکہ ایڈیشنل پراسیکیوٹر جنرل پنجاب سید زاہد علی شاہ نے پولیس کے (باقی صفحہ پر پیتہ نمبر 35)

پولیو کی ویکسینیشن میں کوئی ملاوٹ نہیں ہے، مصطفیٰ کمال

افغانستان میں طالبان حکومت بھی بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلوا رہی ہے، میڈیا سے گفتگو

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر صحت مصطفیٰ کمال نے کہا ہے کہ پولیو ٹیموں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلوانے کے لیے گھر گھر جانا پڑتا ہے، ہم اس سال دسمبر تک ملک سے پولیو کو ہمیشہ کے لیے ختم کرنا چاہتے ہیں، اس میں ہمارے صوبوں کا تعاون درکار ہے، ہم اس سلسلے میں پاکستان اور افغانستان میں انسداد پولیو مہم اکٹھے شروع اور ختم کریں گے، وفاقی وزیر نے کہا کہ افغانستان میں طالبان حکومت بھی (باقی صفحہ پر پیتہ نمبر 36)



راولپنڈی: بین الصوبائی مشیات سمگلنگ و سنٹر تھ پولیس کے حراست میں لے رکھا ہے

ضلع بھر میں کلچر ڈے منانے کے حوالے سے مختلف تقریبات کا انعقاد

ڈپٹی کمشنر قصور کی گورنمنٹ گرلز سکول روشن بھیلہ میں منعقدہ تقریب میں بطور مہمان خصوصی شرکت

بھیلہ میں بطور مہمان خصوصی شرکت کے بچوں کے ساتھ گروپ فوٹو بنوایا۔ اس موقع پر ان کے ہمراہ ای ڈی او ایجوکیشن، اسسٹنٹ کمشنر قصور، ڈسٹرکٹ کوآرڈینیٹر سعدیہ شبیر و دیگر افسران بھی موجود تھے۔ گھوڑے کے موقع پر سکول میں بچوں کو گھمایا گیا۔ گھوڑے کے بچوں نے ڈانس اور خوبصورت ٹیبلو پیش کیے جو سے (باقی صفحہ پر پیتہ نمبر 3)

قصور (این این آئی) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی ہدایت پر ضلع بھر میں گھوڑے منانے کے حوالے سے مختلف تقریبات کا انعقاد کیا گیا۔ ضلعی انتظامیہ کے زیر اہتمام ڈسٹرکٹ پبلک سکول قصور اور قصور کی مختلف تحصیلوں میں رنگا رنگ شاندار تقریبات کا انعقاد کیا گیا۔ ڈپٹی کمشنر قصور عرفان علی نے گورنمنٹ گرلز ہائی ہائر سیکنڈری سکول قصور

فیصل آباد، گھریلو جھگڑوں سے دل برداشتہ شادی شدہ خاتون نے زہریلی گولیاں کھا کر خودکشی کر لی

فیصل آباد (این این آئی) گھریلو جھگڑوں سے دل برداشتہ شادی شدہ خاتون نے زہریلی گولیاں کھا کر خود کشی کی، اسپتال انتظامیہ نے ضروری کارروائی کے بعد لاش ورثاء کے حوالے کر دی، بتایا جاتا ہے کہ 363 گ ب کی رہائشی 25 سالہ آمنہ بی بی زوجہ نواز گھر والوں کے ساتھ جھگڑا ہوا تھا گزشتہ روز دوبارہ کسی بات پر جھگڑا ہوا تو اس نے جھگڑوں سے بچنے کے لئے گھر میں رکھے وائی (باقی صفحہ پر پیتہ نمبر 52)

پاکستان سمیت دنیا بھر میں کتب اور حقوق اشاعت کا عالمی دن 23 اپریل کو منایا جائے گا

لاہور (این این آئی) پاکستان سمیت دنیا بھر میں کتب اور حقوق اشاعت کا عالمی دن 23 اپریل کو منایا جائے گا اس دن کے منانے کا مقصد کتب بینی، اشاعت کتب اور اس کے حوالے سے تمامی اور حقوق اشاعت کے متعلق آگاہی اور ادبی شخصیتوں کی خدمات کو سراہنا ہوگا کرنا ہے۔ اس دن کے حوالے سے تمامی اور ادبی شخصیتوں کی خدمات کو سراہنا ہوگا کرنا ہے۔ اس دن کے حوالے سے کتب کی فروخت سمیت دیگر تقریبات کا اہتمام کیا جائے گا (باقی صفحہ پر پیتہ نمبر 55)

امریکی ریاست ٹیکساس میں گھر میں دھماکہ، 6 افراد زخمی

دھماکے کی وجوہات جاننے کے لئے تحقیقات شروع کر دی گئیں، حکام

آسٹن (این این آئی) امریکا کی ریاست ٹیکساس میں گھر میں دھماکے سے 6 افراد زخمی ہو گئے۔ مقامی میڈیا کے مطابق امریکی ریاست ٹیکساس کے دارالحکومت آسٹن میں ایک دومنزلہ مکان میں دھماکے سے کم از کم 24 گھروں کو نقصان پہنچا جبکہ دھماکے سے 6 افراد زخمی ہو گئے۔ ریسکیو حکام کے مطابق زخمیوں کو علاج معالجے کے لیے مختلف اسپتالوں منتقل کرا دیا گیا ہے جہاں وہ زیر علاج ہیں۔ دھماکے کی وجوہات جاننے کے لئے تحقیقات شروع کر دی گئی ہیں۔ ابتدائی طور پر دھماکے کی وجہ گیس لیک ہونا بتائی جا رہی ہے۔ (باقی صفحہ پر پیتہ نمبر 54)

شہریوں کو پانی کی قلت کے پیش نظر پانی کے استعمال میں احتیاط برتنے کی تاکید

سرکاری دفاتر، رہائشی عمارتوں میں گاڑیوں کو دھونے کے لیے ہوز پائپ کا استعمال مکمل طور پر بند کر دیا گیا

ننکانہ صاحب (این این آئی) ڈپٹی ڈائریکٹر محکمہ تحفظ ماحول فوزیہ اکرم نے کہا ہے کہ شہریوں کو پانی کی قلت کے پیش نظر پانی کے استعمال میں احتیاط برتنے کی تاکید کی جاتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ تمام سرکاری دفاتر، رہائشی عمارتوں میں گاڑیوں کو دھونے کے لیے ہوز پائپ کا استعمال مکمل طور پر بند کر دیا گیا ہے اور غیر ضروری طور پر پانی کے استعمال کی صورت میں 5 ہزار روپے جرمانہ عائد کیا جائے گا۔ اس حوالے سے